روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تاکہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

مورخہ 20 مارچ 2022ء بروز اتوار کو 20:35 پر نوروز کا وقت شروع ہو رہا ہے۔

نورانی اعمال

- حصارِ خاص
- حصارِ قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۃ اخلاص
- سورۃ جن
- سورۃ قریش
- اَفَحَسِبْتُمْ کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل 1
- سورۃ اخلاص باموکل 2
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 12 شعبان المعظم ۱۴۴۳ھ / مارچ 2022ء شمارہ 11

darulamal.org/magazines/ruhani

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات

0322-4773786, 042-35410586

مجلس مشاورت

قیمت 70 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1440 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1740 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2340 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجئے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1. **منی آرڈر:** بنام دارالعمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

- easypaisa: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- JazzCash: بنام مکتبۃ العارف۔ 1 03028401977
- 2 #0*786* ملائیں اور Till Id 0016 5958 درج کریں۔
- UBL Omni: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- U paisa: بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3. **بینک اکاؤنٹس:** درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1. **برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:**
بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2. **برائے دیگر تمام شعبہ جات:**
بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

دارالعمل چشتیہ پاکستان لاہور

darulamal.org

info@darulamal.org

darulamalchisht darulamalchishtia

موبائل: 0343-7772772، 0322-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

مارچ 2022ء — شعبان المعظم ۱۴۴۳ھ

اہم اعلان

22 خاص نمبروں کی بے پناہ مقبولیت کے بعد ماہنامہ خزینہ روحانیات کا تیئیسواں خاص نمبر "اثراتِ بد نمبر" ان شاء اللہ اپریل 2022 میں یعنی اگلے ماہ شائع کیا جائے گا۔ تمام قارئین، شاگرد و ممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ "اثراتِ بد نمبر" کے موضوع پر اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ وظائف و عملیات، مجرب تعویذات و نقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید، ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ مضمون بھیجنے کی آخری تاریخ یکم مارچ 2022 ہے۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ ادارہ آپ تمام حضرات سے دعاؤں کی درخواست کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس خاص نمبر کو بہترین انداز میں شائع کرنے کی توفیق دے۔ آمین

مضامین بھیجنے کے لیے

خط بھیجنے کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

کورئیر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

واٹس ایپ: 0322-4773786

حمد

تری حمد لکھ سکوں میں یہ مجال ہی کہاں ہے
میں ترا حقیر بندہ تو خدائے دو جہاں ہے

مہ و آفتاب وانجم ہیں اگر ترے ثنا گو
تو زمیں کا ذرہ ذرہ بھی ترا ہی مدح خواں ہے

تری آیت جمال کا بہشت ایک جلوہ
ترے قہر اور غضب کا یہ جہنم اک نشاں ہے

تری رفعتوں کے آگے ہے جبین آسماں خم
ترا تخت عرش اعظم ترا ملک لامکاں ہے

ترے اذن سے چمن میں ہے خرام فصل گل بھی
نہ ہو گر تری مشیت تو بہار بھی خزاں ہے

نہ جہاں خیال پہونچے، ہے وہی مقام تیرا
جسے لکھ سکے نہ کوئی وہی تیری داستاں ہے

ترے عدل کی پکڑ سے تو نہ بچ سکے گا لیکن
ترے فضل کا سوالی یہ عطائے خستہ جاں ہے

عطاء الرحمٰن عطا مفتاحی

نعت

جہالت کے اندھیروں کو جلانے کے لیے آئے
جہاں سے بحر ظلمت کو مٹانے کے لیے آئے

عرب کے ریگزاروں میں **محمد** ابنِ **عبداللہ**
غلامی کی زنجیریں خود کٹانے کے لیے آئے

بتوں کی اکثریت سے خُدا کو بھول بیٹھے تھے
خُدا کی شان دنیا کو دکھانے کے لیے آئے

میرے مولا! **محمد مصطفےٰ** ﷺ کی شان کیا کہنا
مسلمان کے لیے کیا وہ زمانے کے لیے آئے

ہوئے ہیں منتظر جس کی نگاہِ ناز کے عیسیٰ
وہی ختم الرسل ﷺ دیدار دینے کے لیے آئے

میں ہوں نورِ **محمد** ﷺ عاشقِ محبوبِ ربانی
میرے مولا میری سیرت بنانے کے لیے آئے

(حضرت نور محمد عاجز)

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ اپریل 2022 سے اپریل 2023 تک جاری کی جائے گی۔ جس کی رقم عام ڈاک سے 1060 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1490 روپے اور TCS ممبر شپ کیلئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں۔ ☆ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ رابطہ 0322-4773786

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ نوٹ فرمالیں۔

اہم گزارش

جن ممبران کی ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبر شپ اپریل 2022 میں ختم ہو رہی ہے، ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ جلد از جلد اپنی ممبر شپ کی تجدید کروائیں تاکہ آپ کو باقاعدگی سے ماہنامہ خزینہ روحانیات ارسال ہوتا رہے۔ ممبر شپ فیس 10 مارچ تک لازمی جمع کروائیں۔ اس کے بعد رقم نہ آنے کی صورت میں رسالہ پوسٹ نہیں کیا جائے گا۔ اس بات کا قوی امکان ہے کہ جلد نمبر 13 سے ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبر شپ فیس زیادہ ہو جائے گی۔ لہٰذا 10 مارچ سے پہلے ممبر شپ کی تجدید کروانے والوں کو پرانی فیس پر ممبر شپ کی تجدید جائے گی۔ شکریہ

اداریہ

مدیر ماہنامہ خزینۂ روحانیات
مولانا علی آفاق

محترم قارئین!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ مارچ کا مہینہ شروع ہو رہا ہے اور موسم سردی سے گرمی کی طرف رواں دواں ہے۔ الحمد للہ اس گزشتہ سردی میں ہمارے ساتھیوں، دوستوں، بھائیوں نے ادارے کی درسگاہ سے روحانی علوم کی چلہ کشی کی اور علم وعمل کو مضبوط کیا۔ دربار، مزارات، قبرستانوں سمیت ویرانوں کی چلہ کشی کی اور الحمد للہ کامیابی حاصل کی۔ بہت سارے نئے دوست اپنے روحانی سفر کی ابتداء اور آغاز کرنے میں کامیاب ہوئے۔ بہت سارے مریضوں نے ادارے کے ساتھ وابستہ ہوکر روحانی مسائل جادو، بندش، صحت، روزگار، کاروبار، گھریلو ناچاقیاں اور پریشانیوں کو ہمیشہ کیلئے اپنے گھر، ذات، بال بچوں اور نسلوں سے دور کرلیا۔ جو مریض سالہا سال سے روحانی پریشانیوں، تکالیف، طلاق کے دہانے پر کھڑے تھے، الحمد للہ فیڈ بیک کے طور پر سکون، باوقار اور کامیاب زندگی شروع کر چکے ہیں۔ الحمد للہ پوری دنیا میں ادارہ دارالعمل چشتیہ کا فیض پہنچ رہا ہے۔ امریکہ، یورپ، یوکے، ڈنمارک، ناروے، سعودیہ، دبئی سمیت پوری دنیا سے ہمارے دکھی، بہن بھائی اپنے سالہا سال کے دیرینہ مسائل کے حل کے بعد کاروبار پر کھڑے ہو چکے ہیں۔ کئی ہماری بہنیں جو طلاق کے خطرات سے دوچار ہیں، صرف چہل کاف اور جو حصارات بھی یاحافظ یاحفیظ. بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ کی ایک خاص ترتیب، چلہ کشی، ریاضت سے صرف ایک ہفتے میں شوہر کے ساتھ روابط بحال اور شوہر کی پھر سے محبت حاصل کرنے میں کامیاب ہو چکی ہیں۔ بے شمار اور لاتعداد وہ میری بیٹیاں جو شادی میں رکاوٹوں کے بعد بڑی عمر میں شادی کے بندھن میں بندھ چکی تھیں۔

مگر جادو ان کے جہیز میں ساتھ گیا تھا جس کی وجہ سے صرف تین دن کے بعد ہی شوہر اور ساس نے مل کر گھر سے نکال دیا تھا۔ ادارے سے رابطہ کیا تو ایک سال ماں کے گھر انتظار کرکے پریشان ہو رہی تھی تو وہ جادو جس نے گھر میں بسیرا بنالیا تھا۔ بیوی کے ماں کے گھر سے شوہر کے گھر واپس جانے اور طلاق کے خطرات سے نکل کر آج پھر سے گھر بس گیا ہے۔ میں اپنے بھائی بہنوں کو جو وظائف کرکے، علاج کروا کر در در کی ٹھوکریں اور پریشانی دیکھ چکے ہیں۔ تعویذات، دھاگے، گنڈے کروانے کے بعد بیٹی شادی کا انتظار کر کے بوڑھی ہو رہی ہے، سر میں چاندی اتر آئی ہے، ایسے لوگ میرے پچھلے پچیس سال کے تجربات کی روشنی میں ادارہ دارالعمل چشتیہ لاہور رابطہ کریں۔ اب آپ کی تکلیف آپ کی نہیں بلکہ ادارہ کی راہنمائی، تربیت اور سہارا آپ کے ساتھ ہے۔ آپ بھرپور اور پورے اعتماد سے ادارے سے روحانی علاج، روحانی علاج بذریعہ عملیات اور حصار وتحفظ، دفاع اور ڈیفنس خود حاصل کریں۔ لوگوں کی محتاجگی، بیساکھیوں سے نجات حاصل کریں اور ان پانچ چیزوں کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔

❶ روحانی علاج ❷ روحانی حصار ❸ روحانی حساب واستخارہ ❹ جو دشمن آپ کے خلاف صف آراء ہے اس کی ناکامی ❺ عمل کی ہمیشہ کیلئے ملکیت۔

یہ ہمارے ادارے کی وہ بنیادی اور مضبوط بنیاد ہے جس کی برکت سے اب تک اب تک ہزاروں لوگ پوری دنیا سے گھر بیٹھے ادارے سے مستفیض ہو رہے ہیں۔ آپ اور آپ کا گھرانہ یا دیگر اعزہ واحباب ہمارے ادارے سے رابطہ کرکے اپنے سائل کا دائمی اور مستقل حل حاصل کریں۔

روحانیات و تصوف

قیصر احمد بی اے (کراچی)

بغیر نیک اعمال کے جنت میں داخلہ مشکل ہے

ایک مرتبہ ابراہیم ابن ادھم رحمۃ اللہ علیہ حمام میں تشریف لے گئے۔ چونکہ آپ کا لباس بوسیدہ تھا، لوگوں نے حمام کے اندر نہ جانے دیا۔ آپ پر ایک حالت طاری ہوگئی۔ فرمایا کہ: ''جب خالی ہاتھ شیطان کے گھر میں داخل نہیں ہونے دیتے، بھلا بغیر زندگی وعبادت کے خدا کے گھر میں کس طرح داخل ہونے دیں گے۔ (یعنی بغیر نیک اعمال کے جنت میں داخلہ مشکل ہے)۔'' (ماہنامہ آستانہ دہلی، ص ۴۶، ماہ ستمبر ۱۹۵۳ء)

راز کا فاش ہونا

شیخ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال کے وقت وصیت کی تھی کہ میری نماز جنازہ ایسا شخص پڑھائے جس میں یہ تین وصف جمع ہوں۔

(۱) ہمیشہ عفیف رہا ہو یعنی کسی غیر محرم پر اس نے کبھی نظر نہ اٹھائی ہو۔

(۲) اس کی عصر کی سنتیں قضا نہ ہوئی ہوں۔

(۳) ہمیشہ نماز باجماعت میں تکبیر اولیٰ سے شریک رہا ہو۔

نماز جنازہ کے وقت جب اس وصیت کا اعلان کیا گیا تو کوئی آگے نہیں بڑھا۔ کچھ دیر انتظار کے بعد ''سلطان التمش'' یہ کہتے ہوئے آگے بڑھا کہ: ''میری خواہش تو یہی تھی کہ میرا حال پوشیدہ رہے لیکن خواجہ نے آج اس راز کو فاش کر دیا۔''

(خزینۃ الاصفیا، ج ص ۲۷۵ بحوالہ ماہنامہ دالعلوم دیوبند، ص ۳۸، ماہ نومبر ۱۹۸۴ء)

دلوں پر راج

مشہور محدث فقیہ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ بغداد تشریف لائے تو پورا شہر ان کے استقبال کیلئے اُمنڈ آیا۔ گلی کوچوں اور شاہراہوں میں ہلچل کا شور ہوا تو ملکہ زبیدہ نے جھروکے سے منظر دیکھا اور کنیزوں سے پوچھا کہ: ''آخر کیا ماجرا ہے؟ لوگ دیوانہ وار ایک ہی سمت میں کہاں جا رہے ہیں؟''

انہیں بتایا گیا کہ مشہور محدث حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ آج بغداد تشریف لا رہے ہیں، لوگ شہر سے باہر جا کر ان کے استقبال کیلئے جمع ہو رہے ہیں۔

ملکہ زبیدہ عوام کے اس جوش وخروش اور عقیدت مندی کے جذبات پر حیران رہ گئی اور جب اس نے کچھ دیر بعد دیکھا کہ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کی سواری لاکھوں عقیدت مندوں کے جلوس میں کسی بادشاہ کی سواری سے زیادہ تزک واحتشام سے گزر رہی ہے تو زبیدہ نے ہارون الرشید کو جا کر طعنہ دیا کہ: ''تم تو کہتے ہو کہ بغداد اور پوری مسلم دنیا پر تمہاری حکمرانی ہے۔ مگر جو کچھ میں نے دیکھا ہے اس سے تو پتہ چلتا ہے کہ اصل حکمرانی تمہاری نہیں حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔'' یہ سن کر ہارون الرشید مسکرایا اور کہنے لگا: ''ہاں! جسموں پر ہماری حکومت ہے اور دلوں پر حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کا راج ہے۔''

(روزنامہ وفاق، ص ۲۳، مفتی محمود نمبر، لکھنؤ ۱۹۷۲ء)

قسط:2 — سید ارشاد احمد عارف

حضرت علی ہجویری رحمہ اللہ

ہندوستان زمانۂ قدیم سے جہالت کے اندھیاروں کا مسکن اور جادو، شعبدہ بازی اور اوہام پرستی کا گڑھ تھا۔ حق وصداقت کا آفتاب عالمتاب طلوع ہوا تو اندھیاروں کی جگہ روشنی، شعبدہ بازی کی جگہ دلائل وبراہین اور اوہام پرستی کی جگہ حقائق وواقعات پوری قوت سے اپنا وجود منوانے لگے۔ مختصر عرصے میں آپ کی محنت برگ وبار لانے لگی۔

اگرچہ دو چار سخت مقام بھی راستے میں آئے مگر خدا کے اس نیک بندے نے پرواہ تک نہ کی۔ بعض جوگیوں اور کاہنوں کے علاوہ مختلف مذاہب کے مبلغین نے آپ کی مخالفت میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔ پہلے اپنے علم کو مقابلے پر لائے۔ جب دال گلتی نظر نہ آئی تو شعبدوں سے مرعوب کرنا چاہا لیکن "مَن کَانَ لِلّٰہِ کَانَ اللّٰہُ لَہٗ" (جو اللہ تعالیٰ کے ہو جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی تائید ونصرت فرماتا ہے)۔ عظمت وکرامت کے اس مینار کے سامنے بونے نظر آئے اور ریاضت اور مجاہدے کے بل بوتے پر حاصل کردہ استدراجی کرشمے، سورج کے سامنے چراغ ثابت ہوئے۔ اب مخالف گھٹیا، ہتھکنڈوں پر اُتر آئے۔ اس کے باوجود جب ناکامی ان کا مقدر بن گئی تو حقیقت کو تسلیم کرنے کے سوا چارہ نہ رہا۔ بعض مسلمان ہوگئے اور بعض شرمندگی کے مارے دوسرے علاقوں میں چلے گئے۔

مخالفت کا زور ٹوٹا تو کامیابیاں آپ کے قدم چومنے لگیں۔ پھر تو ہزاروں کی تعداد میں غیر مسلم حاضر خدمت ہوتے اور اسلام قبول کرتے۔ آپ نے ایک مسجد تعمیر کرائی۔ یہ لاہور میں پہلی مسجد تھی جو حکمرانوں کی سرپرستی کے بغیر تعمیر ہوئی۔ مسجد کی تعمیر میں مزدوروں کی طرح حصہ لیا۔ اینٹ گارہ اٹھاتے اور دوسرے کام کرتے۔ مسجد کے ساتھ ہی ایک خانقاہ بنی جہاں نومسلموں کی اسلامی تعلیم وتربیت کا اہتمام کیا۔ اسلامی تعلیمات سے بہرہ ور ہونے کے بعد انہیں مختلف علاقوں میں تبلیغ وتلقین کے لئے تیار کیا جاتا۔ ان کے اندر قناعت، تحمل، بردباری، جفاکشی اور مقصد سے لگن جیسی خوبیاں پیدا کی جاتیں۔ تزکیۂ نفس کے ذریعے ان میں برائی سے نفرت اور نیکی سے محبت کا جذبہ پیدا ہوتا اور وہ شیخ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی زندگی شعائر اسلامی کی ترویج اور دین اسلام کی تبلیغ کے لئے وقف کردیتے۔ یہی لوگ ملک کے کونے کونے میں جاتے، اللہ کا پیغام پہنچاتے اور کفر کی تاریکیوں میں لپٹے ہوئے دلوں میں حق کا نور روشن کرتے۔ ان مبلغین کے ذریعے حضرت علی ہجویریؒ کے علم وفضل اور کرامات کا چرچا دور دور تک پھیلتا چلا گیا۔ چنانچہ لوگ سفر کی صعوبتیں برداشت کرتے ہوئے لاہور پہنچتے تاکہ آپ کے کمالات کا مشاہدہ آنکھوں سے کریں اور آپ کے روحانی سرچشمۂ فیض سے سیراب ہوں۔

سید علی ہجویریؒ کی باتیں قلب وذہن کو مسخر کرتیں۔ ان کی روحانی قوت اور علمی استدلال ہر کس وناکس کو متاثر کرتا اور جو کام غزنی کے حکمران برسوں میں نہ کرسکے تھے، غزنی کا یہ درویش مہینوں میں کرگزرا۔

آپ نے جس طرح غیر مسلموں کو حلقۂ اسلام میں داخل کیا اور نومسلموں کے علاوہ مسلمانوں کی دینی تربیت پر پوری توجہ دی۔ اسی طرح اس دور کے ان فتنوں کا استیصال بھی کیا جو اسلام کے نام پر گمراہی پھیلا رہے تھے۔ قرامطی اپنے آپ کو مسلمان کہتے تھے، مگر ان کے عقائد اسلام اور ہندومت کے عقائد ورسوم کا ملغوبہ تھے، یہاں بڑی تعداد میں موجود تھے۔ حلولی جو ہر شے میں ذات خداوندی کے حلول (دخول) کے قائل تھے، فقر درویشی کا لبادہ پہنے اپنے جاہلانہ نظریات کی ترویج میں کوشاں تھے۔ آپ نے ان سب کے اغراض ومقاصد کی نہایت بے باکی سے نقاب کشائی کی۔ ان پر موثر تنقید فرمائی اور ان کی خلاف مذہب سرگرمیوں کی نشاندہی کی۔ اس طرح آپ نے تبلیغ اور دعوت وارشاد کے علاوہ تجدید واصلاح کا فریضہ بھی انجام دیا۔

کہا جاسکتا ہے کہ آپ ایک جامع الصفات شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ ہندوستان میں سلسلہ تصوف اور تجدید واصلاح کے بانی ہیں۔ ویسے بھی آپ کی شخصی عظمت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ ہندوستان کے امام الاولیاء حضرت معین الدین اجمیریؒ وارد لاہور ہوئے تو حضرت علی ہجویریؒ کے مزار پُرانوار پر حاضری دی اور چالیس دن تک یہاں معتکف رہے۔ آپ کی چلہ گاہ آج بھی مرجع خلائق ہے۔ اسی موقع پر آپ نے مشہور عالم شعر کہا:

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما

(خزانہ فیض عالم کے تقسیم کرنے والے اللہ تعالیٰ کے نور جہاں کے مظہر (سید علی ہجویری) ناقصوں کے کامل رہبر اور لوگوں کی رہنمائی کرنے والے ہیں)۔

آپ نے درس وتدریس اور دعوت وتبلیغ کے علاوہ تصنیف وتالیف کی طرف توجہ دی۔ ان تصانیف کے مطالعہ سے آپ کی وسعت معلومات کا اندازہ ہوتا ہے۔ آپ کی شہرۂ آفاق کتاب ''کشف المحجوب'' معلومات کا گنجینہ ہے، جس میں علم وعرفان کے موتی بکھرے پڑے ہیں۔ اس کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ علم تاریخ پر بھی گہری نظر رکھتے تھے۔ کشف المحجوب میں آپ نے حکمائے عرب وعجم کے جو واقعات اور اقوال درج کئے ہیں، ان کی صحت شک وشبہ سے بالا ہے۔ ان اقوال اور واقعات سے جس طرح استدلال کیا ہے، اس سے آپ کی ذہانت اور تبحر علمی کا پتہ چلتا ہے۔ آپ نے جہاں حضرت امام ابوحنیفہؒ کے فقہی مقام ومرتبہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے، وہاں اپنی آزادانہ رائے بھی بلا جھجک ظاہر کی ہے۔ اس آزادروی کے باوجود آپ کی فکر ونظر کا راہ ہموار ونا ہموار راستے سے سلامت روی کے ساتھ گزر جاتا ہے۔ تصوف میں آپ کا مقام کسی وضاحت کا محتاج نہیں۔ تصوف کے دقیق نکات کو جس طرح اور جس انداز میں بیان کرتے ہیں، اسے حرفِ آخر کی حیثیت حاصل ہے۔

حضرت علی ہجویریؒ روایات اور فن اسماء الرجال کے عالم تھے۔ سیرت نگاری میں آپ کو حیرت انگیز ملکہ حاصل تھا۔ علم وفضل کے لحاظ سے آپ ان یادگارِ زمانہ لوگوں میں سے تھے جو کبھی کبھی عرصۂ عالم میں آتے ہیں اور جب آتے ہیں تو ایک نیا عالم تخلیق کر جاتے ہیں۔ شعر وسخن کا عمدہ ذوق رکھتے تھے۔ نہ صرف صاحب ذوق تھے بلکہ خود بھی صاحب دیوان شاعر تھے۔ شعر وسخن میں آوارگی کی بجائے آمد کے قائل تھے۔ جذب وشوق کی کیفیت موزوئی طبع کا باعث بنتی ہے۔ اپنی شعر گوئی کا پس نظریوں بیان کرتے ہیں۔

''میں روزانہ اپنے محبوب کا دیدار کرنے جاتا ہوں۔ جب مجھے اس کا روئے زیبا نظر آتا ہے کسی کدوکاوش کے بغیر میری زبان پر بے اختیار شعر جاری ہوجاتے ہیں۔''

آپ نے اپنے وجدان کو اپنا رہنما بنایا اور کسی سے اصلاح نہ لی۔ آپ کی شاعری میں سادگی اور ندرت پائی جاتی ہے۔ یہ سادگی بلا کا حُسن لئے ہوئے ہیں۔ سوز وگداز اور شدت جذبات آپ کی شاعری کی نمایاں خصوصیات ہیں۔

''کشف المحجوب'' کے علاوہ آپ کی دوسری تصانیف یہ ہیں۔ ''منہاج الدین، البیان لاہل العیان، اسرار الخرق والمؤنیات، کشف الاسرار، بالرعایت بحقوق اللہ۔''

کشف المحجوب سلسلہ تصوف کی اُمم الکتب میں شمار ہوتی ہے۔ اس کے مضامین میں توحید ورسالت پر ایمان، فکر آخرت اور مطالعہ کائنات کی ترغیب وتلقین ملتی ہے۔ سادہ سے انداز میں حقائق کائنات کی گرہ کشائی کی گئی ہے، ایک جھلک ملاحظہ ہو:

''انسان کے پاس عقل اور علم ہی کسی چیز کو جاننے اور اس کی معرفت کے ذرائع ہیں۔ لیکن خدا کو جاننے اور اس کی معرفت حاصل کرنے کے لئے اگر صرف عقل اور علم کافی ہوتے تو ہر عالم، عارف ہوتا۔ حقیقت یہ ہے کہ علم اور عقل معرفت کی علت نہیں بلکہ محض اس کے ذرائع ہیں۔ معرفت کی علت صرف خدا کی عنایت ہے۔ اس کی عنایت کے بغیر علم اور عقل دونوں اندھے ہیں اور یہ دونوں مل کر بھی انسان کو حقیقت سے ہم آغوش نہیں کر سکتے۔''

''عارف یہ جان لے کہ خداوند تعالیٰ ایک ہے، اس کے ہاں حضر وغائب، وصل اور فصل، جہت اور امکان، حرکت اور سکون کوئی چیز نہیں۔ وہ محدود نہیں ہے کہ ان میں سے کسی چیز کا سوال پیدا ہو۔''

''اس کا کوئی ہمسر نہیں جسے ممنون کرنے کی ضرورت لاحق ہو۔ حکم اس کے سوا کسی کا نہیں اور اس کا حکم سب کا سب حکمت ودانائی ہے۔ نفع اور ضرر، عزت اور ذلت، زندگی اور موت، نیکی اور بدی سب اسی کی طرف سے مقدر ہے۔''

''ایمان یہ ہے کہ بندے کی تمام صلاحیتیں خدا کی طلب، جستجو اور اس کی رضا جوئی میں صرف ہوں، کیونکہ معرفت کے بادشاہ (ایمان) کا کسی دل میں جا گزیں ہونا تقاضا کرتا ہے کہ وہ نافرمانی سے پرہیز کرے۔ جہاں سورج موجود ہو، وہاں اندھیرں کا کیا کام؟''

''یاد رکھو! علم کے ساتھ عمل ضروری ہے۔ نہ علم کے بغیر عمل نفع بخش ہے اور نہ عمل کے بغیر علم مفید۔ جس علم کی پشت پر عمل موجود نہ ہو، وہ علم جہل کے زمرے میں شامل ہیں۔''

''انسان جب تک اپنے علم پر عامل نہ ہو، اس کے لئے آگے راہ ہی نہیں کھلتی۔''

حضرت ابراہیم ادھم فرماتے ہیں: ایک دفعہ میں نے ایک پتھر راستے میں پڑا پایا جس پر لکھا تھا مجھے الٹ کر پڑھو۔ میں نے الٹ کر دیکھا تو لکھا تھا: ''اَنْتَ لَا تَعْمَلُ بِمَا تَعْلَمُ فَكَيْفَ تَطْلُبُ مَالَا تَعْلَمُ'' یعنی جو کچھ تو جانتا ہے اس پر عمل نہ کرے گا تو ان باتوں کو جاننے کی طلب کیسے پیدا ہوگی جو تو نہیں جانتا۔''

حضرت حاتم رضی اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''جب میں نے چار علم حاصل کر لئے تو دوسرے تمام علوم وافکار سے فارغ ہوگیا۔ لوگوں نے پوچھا وہ چار علم کون سے ہیں؟ آپ نے فرمایا:

1. جب سے مجھے یہ پتہ چل گیا ہے کہ میرا رزق میرے لئے علیحدہ کر کے رکھ لیا گیا ہے جو کسی صورت میں بھی کم وبیش نہیں ہوسکتا، اس وقت سے میں غم روزگار سے آزاد ہو گیا ہوں۔
2. جب سے میں نے یہ جان لیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا مجھ پر جو حق ہے وہ میرے سوا کوئی اور ادا نہیں کرسکتا، اس وقت سے میں حق کی ادائیگی میں مشغول ہوگیا ہوں۔
3. جب مجھے یقین ہوگیا کہ موت میرے سر پر سوار ہے اور میں اس سے بھاگ نہیں سکتا، میں اس کا انتظار کرنے لگا ہوں۔
4. جب سے میں نے جان لیا کہ میرا خدا میرے تمام افعال کی خبر رکھتا ہے، میں ایسے تمام افعال کے ارتکاب سے اجتناب کرتا ہوں جو روز قیامت مجھے شرمندگی میں مبتلا کریں۔''

تصوف نیک خوئی کا نام، نفس اور حرص وہوا کی غلامی سے آزادی پانا، باطل کے مقابلے میں جرأت ومردانگی دکھانا، دنیوی تکلفات کو ترک کر دینا اور دنیا کو دوسروں کے لئے چھوڑ دینا تصوف کا منشا اور مدعا ہے۔''

''لباس کے بارے میں کسی تکلف سے کام نہ لینا چاہیے۔ جیسا ملے، پہن لیا جائے۔ بہتر صورت یہ ہے کہ انسان کسی چیز کو بھی عادت نہ بنائے۔ کیوں کہ جب کوئی چیز عادت بن جاتی ہے تو آدمی کو اس سے محبت ہو جاتی ہے اور یہ اس کی طبیعت میں داخل ہو کر حجاب بن جاتی ہے۔''

نماز تعمیل ارشاد کا نام ہے۔ نماز حکم کی تعمیل کا بار بار اعادہ ہے جس میں انسان ابتدا سے انتہا تک خدا کا راستہ پاتا ہے۔

کشف المحجوب کے علاوہ دوسری کتب اور تذکروں میں آپ کے ملفوظات اور تعلیمات کی جھلک یوں ملتی ہے۔

''راہ حق کے سالکوں کا پہلا مقام توبہ اور استغفار ہے۔''

''درویش کو چاہیے بادشاہ کی ملاقات کو سانپ اژدھے کی ملاقات کے برابر سمجھے۔''

''جو شخص ایثار قربانی کا مظاہرہ کرتا ہے، وہ مر کر بھی زندہ رہتا ہے۔''

حضرت علی ہجویریؒ ان بزرگوں میں سے تھے جن کا اوڑھنا بچھونا، فقر و درویشی ہوتا ہے۔ جب انسان فقر غیور کی دولت سے مالا مال ہو جائے تو پھر دامن حیات داغدار ہونے کا اندیشہ باقی نہیں رہتا۔ فقر غیور جہاں انسان میں خودی بیدار کرتا ہے، وہاں دنیوی حرص وہوس بھی باقی نہیں رہنے دیتا۔ چونکہ آپ کی زندگی کا سرمایہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کے سوا کچھ نہ تھا، اس لئے آپ کی زندگی پاکیزگی کا مرقع تھی۔ کبھی کسی امیر یا بادشاہ کے دربار سے تعلق نہ رکھا، بلکہ امراء کی محفلوں سے ہمیشہ کنارہ کش رہے۔ غذا قلیل اور معمولی تھی۔ سادہ لباس پہنتے جو صاف ستھرا ہوتا، زندگی کا بیشتر حصہ سیر وسیاحت میں گزرا، مگر جمعہ کی نماز کبھی قضا نہ کی۔ تحمل اور بردباری آپ کی سیرت کا نمایاں جوہر تھا۔ تواضع اور فیاضی گویا گھٹی میں پڑی تھی، مسافروں اور فقراء کی خدمت میں قلبی راحت محسوس کرتے۔

آپ نے اپنی ابتدائی زندگی میں شادی کی۔ مگر بہت جلد زوجہ محترمہ فوت ہوگئیں۔ دس سال کا عرصہ مجرد گزرا۔ رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق دوسرا نکاح کیا مگر وہ عفیفہ بھی ایک سال کے بعد وفات پا گئیں اور یوں آپ نے اپنے پیچھے نسبی جانشین نہ چھوڑا۔ آپ نے تقریباً ایک سو سال کی عمر پائی اور لاہور ہی میں انتقال فرمایا۔ آپ کا مزار اس مسجد کے قریب بنا جو آپ نے تعمیر کرائی تھی۔

یہ مزار پُرانوار آج بھی مرکز تجلیات ہے۔ اب تک کروڑوں افراد اس مزار پر حاضر ہو کر حضرت علی ہجویریؒ کے حضور خراج عقیدت پیش کر چکے ہیں جن میں اولیاء وصلحا اور سلاطین وامراء کی بڑی تعداد شامل ہے۔

۱۹۔ ۲۰ صفر المظفر کو آپ کا عرس منایا جاتا ہے، جس میں لاکھوں زائرین شرکت کرتے ہیں۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما!

کشائش رزق کے مجرب عملیات وتعویذات

عام قیمت 300 روپے — صفحات 208

مصنف: حکیم حافظ عبدالرؤف

بیروزگاری، افلاس وتنگ دستی، معاشی مصائب وتکالیف، فقروفاقہ، مالی پریشانیاں اور قرض تلے دبے ہوئے افراد کیلئے عملیات وتعویذات پر مشتمل ایک لاجواب کتاب

✹ دعا کی فضیلت ✹ قبولیت دعا کا مطلب ✹ رزق کی تلاش ✹ کاروبار کو بابرکت بلکہ عبادت بنائیے ✹ روزی میں برکت وترقی کے اسباب ✹ آپ کے گھروں میں رحمتوں اور برکتوں کی بارش ✹ تنگی ومفلسی ✹ رزق کی تدبیر ✹ ادائیگی قرض ✹ روزی کی برکت کیلئے حاجت کیلئے ✹ نماز قضاء حاجت اور نماز کن فیکون کی ✹ استخارہ ✹ سورہ یٰسین ✹ درود شریف ✹ اسماء الحسنیٰ ✹ المائدہ یعنی آسمانی روٹی ✹ حاجت کیلئے مقبول دعا ✹ کشادگی تنگی معاش ✹ قرض کی ادائیگی اور رزق میں برکت کیلئے ✹ ملازمت میں ترقی ہو ✹ برائے ترقی روزگار ✹ کشائش رزق وتونگری ومنصب جاہ کیلئے ✹ دست غیب، دشمنوں پر فتح اور کئی مقاصد کیلئے ✹ مقروض کیلئے ✹ غیب سے روزی پہنچے ✹ تنگدستی اور ظالم شوہر کے ظلم سے نجات ✹ کاروبار کی بندش دور کرنا ✹ قرض اتارنے کا نسخہ ✹ دوکان چلنے، دکان مکان کی بندش ✹ ادائیگی قرض کا عمل ✹ حصول ملازمت کیلئے ✹ بے روزگاری سے نجات کیلئے ✹ مالی مقاصد حاصل ہوں ✹ تبادلے کیلئے ✹ ہمیشہ غنی رہنے کا عمل۔

جادو اور جنات سے مکمل شرطیہ نجات

عام قیمت 650 روپے — صفحات 383

مصنف: حکیم حافظ عبدالرؤف

جنات کے عجیب وغریب اور پُراسرار حالات اور طور طریقے۔ جنات وسحر سے محفوظ رہنے اور ان کو زیر کرنے کے تباہ کن مخفی ہتھیاروں کا ذکر۔ سحر وجادو کے ستائے ہوئے لوگوں کے لیے ایک آزمودہ تحفہ۔

✹ سحر اور جنات کے اثرات کا بیان ✹ کلدانی سحر کے بڑے پکے ماہر تھے ✹ شریر جنات کی تعداد ✹ جنات کے رہنے سہنے کی جگہ اور ان کی قسمیں ✹ جنات انسانوں کو کیونکر ستاتے ہیں ✹ اعمال روحانی تشخیص ✹ کپڑا ناپ کر تشخیص کرنا ✹ نقش کے ذریعے تشخیص کرنا ✹ بازو ناپ کر تشخیص کرنا ✹ پانی پلا کر تشخیص کرنا ✹ سحر کے چار ستون اور ازالہ سحر کے پانچ ارکان ✹ بڑے سے بڑے جادو کا خاص توڑ ✹ چیز کھلانے والے عمل ✹ پلانے والے عملیات گھر کیلنے والا عمل ✹ سحر جادو کیلئے مجرب عمل ✹ مرد کو سحر پلیدی سے نجات دلانا ✹ جادو کے ذریعے بانجھ پن ✹ کالا جادو سے جسم میں سوئیاں چبھنا ✹ شادی میں رکاوٹ میں فوری خاتمہ ✹ سحر لقوہ ✹ سحر سام کا ایک اور روحانی علاج ✹ ہر قسم کے جادو اور سفلی اعمال کا آسان علاج ✹ اگر لڑکی یا لڑکے کا رشتہ بند ہو ✹ لاعلاج اور مہلک کالے جادو کا توڑ ✹ بندش کاروبار ✹ برائے دفع سحر ✹ رنج والم ومصیبت وغم میں یا سحر میں مبتلا ہو ✹ سحر کرنے سے اپنی بیوی سے نفرت ہوگئی ہو ✹ بوجہ سحر اگر لڑکیاں پیدا ہوں ✹ اگر شوہر بیوی سے نفرت کرے ✹ عورت کا ہمبستری سے نفرت کرنا ✹ مریض عشق کا ایک اور آسان مجرب عمل ✹ خبیث چڑیلوں سے نجات ✹ جن وآسیب کو جلانا ✹ ڈائن کی نظر سے محفوظ رہے ✹ آسیب شیطان شریر جن

تحفۂ حب

عام قیمت 450 روپے — صفحات 288

مصنف: حکیم حافظ عبدالرؤف

عملیات حب وتسخیر اور حاضر مطلوب پر ایک جامع ومستند کتاب۔ دودلوں کو ملانے اور روٹھے ہوؤں کو منانے کیلئے لازوال اور بے مثال عملیات وتعویذات کا انمول ومجرب خزانہ

✹ حب کا نہایت مفید عمل ✹ نقش برائے محبت ✹ لڑکی یا لڑکے کے گھر والوں کو راضی کرنا ✹ میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے والا عمل ✹ محبت کیلئے ایک آزمودہ عمل ✹ بہن بھائیوں میں محبت ہونے کا وظیفہ ✹ میاں اور سسرال سے ہمیشہ محبت ملے ✹ زبان دراز زوجین کی اصلاح ✹ میاں بیوی میں باہم محبت کا مجرب عمل ✹ مرد وعورت میں محبت والفت پیدا کرنا ✹ معشوق کو اپنا عاشق بنانا ✹ معشوق تڑپ کر حاضر ہو ✹ عورت کو اپنی محبت میں بیقرار کرنے کا عمل ✹ سورۃ القارعہ برائے اکسیر حب ✹ تازندگی محبت رہے ✹ سسرال میں لوگ عزت کریں ✹ سورۂ ناس کے خدام سے محبت کا کام ✹ حاضری مطلوب ✹ خاوند کو راہ راست پر لانا ✹ تسخیر قلوب ✹ حب کا چٹکلہ ✹ برائے فرمانبرداری مطلوب ✹ آتش محبت بھڑک اٹھے ✹ عمل تسخیر ✹ حب کا لاجواب مصالحہ ✹ حب کے لیے الائچی ✹ نقش تسخیر ✹ محبت کا سرمہ ✹ ناچاقی دور کرنے کیلئے ✹ ساس کو بہو کے تابع کرنے کا عمل ✹ عمل تسخیر دولت ✹ سنگدل کو اپنی محبت میں بیقرار کرنا ✹ بہو کو فرمانبردار کرنا ✹ عطر محبت۔

تعویذات کی ڈائری

عام قیمت 1300 روپے — صفحات 67

مصنف: حکیم حافظ عبدالرؤف

دنیاوی پریشانیوں سے بچنے کے لئے چھپے چھپائے روحانی تعویذات پر مشتمل بہترین ڈائری عامل، کامل، خواتین وحضرات کیلئے ایک خاص انمول تحفہ

✹ رزق کے اضافہ کیلئے ✹ مال ودولت میں کشادگی کیلئے ✹ ہر قسم کے کاروبار میں ترقی وخوشحالی کیلئے ✹ حصول روزگار کیلئے ✹ ترقی دکان کیلئے ✹ ترقی کارخانہ یا فیکٹری کیلئے ✹ ملازمت حاصل کرنے کیلئے ✹ قرض کی ادائیگی کیلئے ✹ قرض کی وصولی کیلئے ✹ فراخی اور ادائیگی قرض کیلئے ✹ ملازمت اور ہر قسم کی مشکلات کے حل کیلئے ✹ اپنی خواہش کے مطابق تبادلہ کروانے کیلئے ✹ ملازمت کو بحال کروانے کے لیے ✹ عشق ومحبت میں کامیابی کیلئے ✹ بہو اور ساس کو ایک دوسرے کے تابع کرنے کیلئے ✹ اپنی پسند کی شادی کرنے کیلئے ✹ رکی ہوئی شادی کے ہونے کیلئے ✹ لڑائی جھگڑوں سے نجات کیلئے ✹ نافرمان کو مطیع کرنے کیلئے ✹ حاکم کو مہربان کرنے کیلئے ✹ رشتہ اچھا ہے یا بُرا معلوم کرنے کیلئے (استخارہ) ✹ ہر قسم کے جادو کے اثرات کو ختم کرنے کیلئے ✹ آسیب کا اثر زائل کرنے کیلئے ✹ مریض میں سے جن نکالنے کیلئے ☆ ہر حاجت پوری کرنے کیلئے ✹ امتحان میں کامیابی کیلئے ✹ اسم اعظم کا مجرب نقش ✹ بلڈ پریشر کا روحانی علاج ✹ اولاد نرینہ کیلئے

اسماء الحسنیٰ کے روحانی فوائد

عزیز احمد مفتاحی قاسمی

کسی کو مطیع و فرماں بردار بنانے کے لئے

الوالی (کارساز و مالک)

خاصیت: کسی کے تسخیر کی نیت سے پڑھے تو گیارہ (11) بار پڑھے، وہ شخص مطیع و فرماں بردار ہو جائے۔

مظلوم کی سفارش قبول ہونے کے لئے

الرؤف (مہربان)

خاصیت: مظلوم ظالم کے پھندے سے چھوٹنے کے لئے اس نام کو دس (10) بار پڑھے، وہ ظالم اس کی سفارش قبول کرے۔

مہربان ہونے اور کرنے کے لئے

الرؤف (مہربان)

خاصیت: جو ہمیشہ پڑھتا رہے اس کا دل مہربان ہو جائے اور تمام آدمی اس پر مہربان ہوں۔

قیدی کا قید سے رہائی کے لئے

الحق (خدائی کے قابل)

خاصیت: اگر قیدی آدھی رات میں سر کو ننگا کر کے ایک سو آٹھ (108) بار کہے تو قید سے رہائی ملے۔

مخلوق کو فرماں بردار بنانے کے لئے

المؤمن (امن دینے والا)

خاصیت: جو کثرت سے پڑھے گا مخلوق اس کی مطیع اور فرماں بردار ہو گی۔

مخلوق کی بدگوئی و عیب جوئی سے امن میں رہنے کیلئے

الجبار (بگڑے کاموں کو درست کرنے والا)

خاصیت: جو اس کی پابندی کرے مخلوق کی عیب جوئی اور بدگوئی سے مامون رہے۔

مخلوق کے دل میں ہیبت و شوکت قائم کرنے کے لئے

الجبار (بگڑے کاموں کو درست کرنے والا)

خاصیت: اگر انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے تو اس کی ہیبت و شوکت مخلوق کے دل میں قائم ہو۔

مخلوق میں اپنی ہیبت اور حرمت ظاہر کرنے کے لئے

المعز (عزت دینے والا)

خاصیت: پیر یا جمعہ کی رات میں مغرب کی نماز کے بعد ایک سو چالیس (140) بار پڑھے تو مخلوق کی نظر میں اس کی ہیبت اور حرمت ظاہر ہو اور خدا کے سوا کسی سے نہ ڈرے۔

بخار، دردسر یا غم و اندوہ سے نجات پانے کے لئے

الغفور (بہت بخشنے والے)

خاصیت: جس کسی کو بیماری ہو مثلاً بخار، دردسر وغیرہ یا غم و اندوہ اس پر غالب ہو تو اس نام کو کاغذ پر لکھے اور اس کا نقش روٹی سے جذب کر کے کھالے۔ اللہ تعالیٰ مرض سے شفا اور غم سے نجات بخشیں گے۔

ابنائے جنس میں عزت و حرمت کے لئے

المجید (بزرگ اور شریف)

خاصیت: جس کو اپنے ابنائے جنس میں عزت و حرمت نہ ہو ہر صبح کو ننانوے (99) بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے، عزت و حرمت حاصل ہو گی۔

دل کی زندگی کے لئے

الباعث (اٹھانے والا)

خاصیت: جو کوئی چاہے کہ میرا دل زندہ ہو جائے تو سونے کے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر اس نام کو ایک سو ایک (101) بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے دل کو انوار کے اترنے کی جگہ بنا دے۔

رمضان المبارک کے دو خاص تحفے

1 اَللّٰہُ

پہلے گیارہ روز سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ ہر وقت پڑھتے رہیں اور ساتھ ممکن ہو تو لکھتے رہیں ورنہ جو مناسب طریقہ آپ کو لگے، اس سے حساب رکھیں۔ تہجد کے وقت چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ خانہ کعبہ کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ خانہ کعبہ کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور خانہ کعبہ پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے چھینٹے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔ پڑھنا "اللہ" ہے، "یا اللہ" نہیں پڑھنا۔ نیز اللہ کی تشدید پر دھیان دے کر پڑھیں۔

2 صلی اللہ علیہ وسلم

تیرھویں (۱۳) روزے سے سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ پندرہ (۱۵) دن یا سترہ (۱۷) دن کی نیت کریں۔ پندرہ دن کے حساب سے ستائیسویں (۲۷) روز ختم ہوگا۔ روزانہ اکتیس سو (۳۱۰۰) مرتبہ بوقت تہجد، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ روضہ مبارک کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور روضہ مبارک پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے قطرے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔

دعاگو
ابو انیقہ خالد مقبول عارف
چشتی قادری نقشبندی سہروردی حفظہ اللہ
سرپرست دار العمل چشتیہ
0309-7772275, 042-35410586 | ruhanidarsgah
0333-7772275 | ruhanidarsgah97 | darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

فتح نامہ مدور کا پیڈ

بحمداللہ تعالیٰ یہ "فتح نامہ" ایک آلِ نبی اولادِ علی سے حاصل ہوا ہے، فتح نامہ دیکھنے میں بہت سادہ لیکن تاثیر میں بے مثل ہے.........

فتح نامہ کے طریقۂ استعمال

شاہ صاحب نے "فتح نامہ" دیتے ہوئے فرمایا کہ اس کے 50 سے زائد فوائد ہیں، یہ ایک خوشبو ہے ایک نور ہے، جس کی مہک اور روشنی کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ چند فضائل و برکات آپ نے لکھ کر عطا فرمائے، جو درج کیے جاتے ہیں، آپ فرماتے ہیں کہ:

(01) جس کے پاس یہ فتح نامہ ہوگا وہ کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔ (02) اس پر جادو کا اثر نہیں ہوگا۔ (03) جنات حملہ نہیں کر سکیں گے۔ (04) حادثات سے حفاظت ہوگی۔ (05) ہر دل عزیز ہوگا۔ (06) دشمن زیر ہوں گے۔ (07) لوگوں کے دھوکے اور مکر و فریب سے حفاظت ہوگی۔ (08) مرادیں پوری ہوں گی (09) زندگی سے رکاوٹیں ختم ہوں گی۔ (10) دشمنوں کی نظر و حسد سے حفاظت ہوگی۔ (11) بدخواہوں کی زبان، مخالفت سے بند ہوگی۔ (12) بے اولادوں کو اولاد نصیب ہوگی (13) مصیبتوں کا توڑ ہے۔ (14) خوش قسمتی کی چابی ہے۔ (15) سیدھے بازو پر باندھنے سے کاروبار میں برکت ہوگی۔ (16) حکام و صاحبان اقتدار کی تسخیر حاصل ہوگی۔ (17) جس لڑکی کے رشتوں میں رکاوٹ ہو، وہ "فتح نامہ" سامنے رکھ کر 7 مرتبہ آیت نجات پڑھا کرے، رکاوٹ ختم ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔ (13) جناتی دوروں کو بند کرنے کیلئے لکھ کر گلے میں ڈالا جائے اور روزانہ 40 مرتبہ آیت نجات پڑھ کر دم کی جائے۔ (19) دولت و مالداری کیلئے "فتح نامہ" لکھ کر پاس رکھیں اور روزانہ 41 بار پڑھ کر اس فتح نامہ پر دم کیا کریں۔ (20) پسند کی شادی کیلئے لاجواب ہے، فتح نامہ کے نیچے طالب و مطلوب کا نام لکھ کر طالب کو پہنائیں۔ (21) جنات کی حاضری والے مریض کو دکھانے سے حاضری بند ہوگی۔ (22) جس گھر میں چسپاں ہو وہاں چور و جنات داخل نہ ہو سکیں گے۔ (23) چاندی کی انگوٹھی میں پہننے سے تسخیر حاصل ہوگی۔ (24) کینسر کے مرض میں مبتلاء شخص کیلئے چاندی پر گولائی میں کندہ کروائیں اور اسے پانی میں ڈال کر مریض کو اس کا پانی پلائیں، ان شاء اللہ عزوجل شفاء حاصل ہوگی۔ (25) یہ تعویذ سلاطین ہے، بادشاہ وقت پہنے تو رعایا اطاعت کرے۔ (26) لوہے کے کڑے پر فتح نامہ اور اس کے نیچے طالب و مطلوب کا نام لکھوا کر گھر میں رکھیں۔ ان شاء اللہ عزوجل مطلوب عشق میں بے قرار ہوگا۔ (صرف جائز محبت کیلئے اجازت ہے)۔ (27) قیدی قید سے رہائی کیلئے پہن کر روزانہ 70 مرتبہ آیت نجات کا ورد کرے رہائی پائے گا۔ (28) عورت سونے کی انگوٹی میں بنوا کر پہنے، تو شوہر کی نظر میں مقبول و محبوب ہوگی، علاوہ ازیں جنات و شیاطین سے بھی حفاظت ہوگی۔ نوٹ: مرد چاندی کی انگوٹی میں بنوائیں۔ (29) نظر بد کیلئے پہننا اور لکھ کر پلانا مفید ہے۔ (30) بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے مطلوب کا نام مع والدہ کے لکھیں اور ہوا میں لٹکائیں، ان شاء اللہ عزوجل بے چین و بے قرار ہو کر لوٹے گا، غائب ہو تو حاضر ہوگا۔ (31) کسی بڑی مہم کو سر کرنے کیلئے پہنیں اور آیت نجات روزانہ 7 بار پڑھیں۔ (32) ادائیگی قرض کیلئے پہنیں اور آیت نجات صبح و شام 11 بار پڑھیں۔ (33) روحانی ترقی اور آیت نجات کا دم جاری کرنے کیلئے نوچندی جمعرات کو فتح نامہ لکھ کر آیت نجات کو 1100 بار پڑھا جائے۔ (34) عروج لازوال کیلئے فتح نامہ پہن کر آیت نجات ہمیشہ کم از کم صبح و شام 7 بار ورد میں رکھی جائے۔ (35) شفاء امراض کیلئے بے حد مؤثر ہے، لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا کریں۔ (36) فتوحات و نصرت کیلئے بے مثال ہے، چاہئے کہ فتح نامہ پہنیں اور آیت نجات صبح شام 3، 3 بار پڑھیں۔ حقیقت یہ ہے اس فتح نامہ میں جملہ مسائل کا حل ہے۔

110 مجرب استخارے

مصنف محمد ایاز مزمل حسین شاہ | عام قیمت 500 روپے | صفحات 256

✱اوقات قبولیت دعائے استخارہ ✱کس دن استخارہ کریں؟ ✱دعائے استخارہ ✱استخارہ کا طریقہ ✱مفلسی دور کرنے کیلئے، کبھی رقم ختم نہ ہو ✱مال و دولت کی فراوانی ✱یکسوئی کے ذریعہ نمبر حاصل کرنا ✱سفلی عمل برائے لکی نمبر ✱استخارہ بذریعہ ہمزاد ✱استخارہ بذریعہ اسم خود ✱استخارہ بذریعہ کشف ✱استخارہ بذریعہ نوری عمل ✱استخارہ بذریعہ سورۂ مدثر ✱استخارہ بذریعہ آیت ہدایت ✱استخارہ بذریعہ آیت ''حی قیوم'' ✱استخارہ بذریعہ اللہ الصمد ✱استخارہ بذریعہ جسم روحانی استخارہ ✱استخارہ بذریعہ آیت سورۃ المرسلت ✱استخارہ بذریعہ آیت سورۃ العمران ✱استخارہ بذریعہ آیت کریمہ ✱استخارہ بذریعہ سورۂ مزمل ✱استخارہ قرآنی آیات کرشمہ ✱استخارہ سورۂ اخلاص کا کرشمہ ✱استخارہ قوت ارادی سے امیر ہو جائیں ✱استخارہ آیت تسخیر سے استخارہ ✱استخارہ ہمزاد اور آیت مزمل ✱استخارہ اسم الٰہی سے ✱استخارہ مزار کے چراغ ✱استخارہ ✱استخارہ ہمزاد نمبر بتائے ✱استخارہ سفلی عمل لونا چماری ✱استخارہ باموکل استخارہ ✱استخارہ سورۂ توبہ کی کرامات ✱استخارہ باکمال استخارہ ✱استخارہ صاحب مزار سے استخارہ ✱استخارہ اسم بدوح ✱استخارہ خاص آیت

نئی کتاب کنز الفقراء

فوٹو کاپی (امپورٹڈ پیپر)

مصنف: مسعود علی تھہیم | قیمت: 500 روپے | صفحات: 126

⬟ہر مرض کیلئے ⬟نظر بد اور حسد کا آزمودہ عمل ⬟بال اگانے کا عمل ⬟سر درد کا عمل ⬟بلڈ پریشر کے خاتمے کیلئے ⬟ملیریا سے بچاؤ اور اس کا علاج ⬟شوگر کا خاتمہ ⬟عمل خاتمہ سر درد ⬟جسم کی ہڈیوں کی بیماری کا خاص عمل ⬟ہر وبائی امراض کا علاج ⬟بالوں کو لمبا کرنے کا عمل ⬟کالے یرقان کا علاج ⬟لاعلاج امراض کا کلام الٰہی سے علاج ⬟وسوسوں کا علاج ⬟لاعلاج بیماری سے شفایابی کا عمل ⬟ہر مصیبت، بیماری اور پریشانی کیلئے ⬟بچوں کا نیند میں ڈر جانے کا عمل ⬟ہر بیماری کیلئے ⬟ہر عام اور لاعلاج بیماری کیلئے ⬟نظر بد، حسد اور نیند میں ڈرنے سے حفاظت کا عمل ⬟ہر مرض رسولی، بخار اور نظر بد کیلئے ⬟روحانی آپریشن کا خاص عمل ⬟سورۃ یٰسین سے ہر بیماری کا علاج ⬟ناجائز شہوت ختم کرنے کا عمل ⬟خوف و وہم کا خاتمہ اور دل کو مضبوط کرنا ⬟پیٹ اور موٹاپا کم کرنے کا عمل ⬟دعا دفع نظر بد ⬟مجربات ناد علی ⬟رسولی، گلٹی، ہڈی یا گوشت کے بڑھنے کا عمل ⬟دانت کے درد کا علاج ⬟چھاتی کا درد ختم کرنے کا عمل ⬟حیض جاری کرنے کا عمل ⬟جنات، جادو کی بندش کا تیز ترین عمل ⬟کالے جادو کی کاٹ اور پلٹ کی واپسی کیلئے ⬟سورۂ مزمل اور جادو کی کاٹ ⬟رجعت ختم کرنے کا عمل ⬟دفع آسیب اور جادو کا خاتمہ وغیرہ

نئی کتاب مجربات بنوری

محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے والد حضرت مولانا سید محمد زکریا بنوری رحمۃ اللہ علیہ کے طب و حکمت کے مجرب نسخوں کا نادر مجموعہ

جمع و ترتیب: حضرت مولانا ڈاکٹر محمد حبیب اللہ مختار شہید رحمۃ اللہ علیہ | صفحات: 307 | عام قیمت: 900 روپے

☆امراض رأس و اعصاب، صداع (درد سر) ☆شقیقہ (آدھے سر کا درد) ☆سرمہ برائے درد عصابہ و شقیقہ ☆ناس نافع درد سر و شقیقہ ☆ضعف دماغ ☆نسیان ☆سفوف کبریت ☆زکام و نزلہ ☆حب تریاق شفاء ☆اکسیر نزلہ و زکام ☆حب نزلہ و زکام و کھانسی ☆فالج اور لقوہ ☆لقوہ ☆مالیخولیا ☆کرم دماغ ☆امراض چشم، رمد (آشوب چشم، آنکھ آنا) ☆آشوب چشم کے لئے اکسیری نسخہ (ہتھیلی میں سرسوں) ☆امراض اذن (کان کی بیماری) ☆برائے درد کان جادو اثر ☆امراض انف، رعاف (نکسیر) ☆اکسیر نکسیر ☆امراض فم و دندان ☆درد داڑھ ☆درد دانت از کرم ☆امراض حلق ☆امراض قلب ☆امراض بطن، ضعف معدہ ☆امراض جگر ☆امراض طحال (تلی) ☆امراض امعاء (آنتوں کی بیماریاں) ☆اسہال (دست) ☆بواسیر ☆مسہل و ملین ☆امراض گردہ و مثانہ ☆امراض مخصوصہ زنان (امراض رحم) ☆امراض مخصوصہ مردان ☆مقویات و مولدات ☆امراض اعصاب ☆امراض جلد ☆داد ☆حمیات (بخار) ☆طاعون ☆ادویہ اطفال ☆کشتہ جات ☆متفرقات ☆اقوال حکماء ☆حبوب ☆خمیرہ جات وغیرہ

تحفہ قلندری

عام قیمت 800 روپے | صفحات: 665

مصنف حضرت محمد صادق فرحانی | عملیات پاک و ہند کا سحر انگیز تحفہ قلندری نایاب عملیات۔ 8 حصے مکمل یکجا

✹معشوقہ کے سر کے بالوں کا تنتر ✹دشمن سے بدلہ لینے کا حیرت انگیز تنتر ✹آگ کا گھر ✹طلسمی فالنامہ ✹منہ میں جلتا ہوا لوہا رکھنے کا تنتر ✹کتا کاٹنے کا منتر ✹دشمنی دوستی میں بدلنے کا منتر ✹ہمزاد ✹رزق دینے والا، خوشحالی دینے والا ✹بارہ ہزاری ✹موہنی و دیا ✹عمل ہمزاد ✹بادل برسنے کی پہچان ✹چاندی بنانے کا منتر ✹حاملہ عورت کی پہچان ✹بانجھ پن دور ہو ✹منتر بھوگ یکھنی ✹ہمزاد کی اقسام ✹تسخیر ✹خوشحال ہو جائے ✹محبت کیلئے ✹گمشدہ اشیاء کی برآمدگی کا تنتر ✹ہمزاد کو قابو کرنے کا پہلا طریقہ ✹دست غیب کا مجرب عمل ✹مطلوب عاشق ہو جائے گا ✹رتن جوت تنتر ✹منتر روزی کھولنے کا ✹منتر آنکھوں کے درد کا ✹عمل حب کا قدیم طریقہ ✹مرد مطیع ہو ✹عورت مطیع ہو ✹قرض سے نجات ✹گھر کی حفاظت کیلئے ✹اولاد نرینہ کیلئے ✹دشمن کو زیر کرنا ✹جو مانگو مل جائے ✹منتر باؤلے کتے کا ✹منتر کیمیا بنانے کا ✹منتر زبان بند کرنے کا ✹حب سفلی ✹جنسی کشش پیدا کرنا ✹محبوب دیوانہ ہو جائے ✹طلسمی تیل ✹خوشحالی کا عمل ✹گھر سے بھاگا شخص واپس آئے ✹بندش تنگدستی ختم ہو جائے ✹برسر روزگار ہونا

علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے عملیات

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

پستانوں کے عدم ابھار کا علاج

اگر کسی عورت کے پستان کا ابھار نہ ہونے کے برابر ہو یا بالکل چھوٹا ہو تو چالیس (40) دن تک یہ آیت روزانہ اکتالیس (41) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ وہ آیۃ شریفہ یہ ہے:

اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِیْمًا تَذْرُوْهُ الرِّیٰحُ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ (الکہف:۴۵)

سیلان الرحم۔ لیکوریا کا علاج

سیلان الرحم کی بیماری ہوگئی ہو تو تین سو (300) مرتبہ یہ آیات عرق گلاب پر دم کر کے اکتالیس (41) روز تک پلایا جائے۔ ان شاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔ وہ آیاتِ مبارکہ یہ ہیں:

وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانا

اگر اولاد نافرمان ہو تو ایک ہزار (1000) مرتبہ "اَلشَّهِیْدُ" پڑھ کر دم کریں تو وہ فرمانبردار ہو جائے گی۔ (اس کا طریقہ یہ ہے کہ صبح کو بعد نماز فجر یا سورج نکلنے کے بعد ایک ہزار (1000) بار پڑھ کر بچے کے ماتھے کے عین درمیان دم کریں۔ یہ عمل کم از کم اکیس (21) دن تک کریں۔ زیادہ سے زیادہ اکتالیس (41) دن مدت ہے۔ اس عمل کے دوران کوشش کریں کہ بچے کو بالکل نہ ماریں۔ اس کی ہر جائز بات مانیں۔ اور ناجائز بات کو باحسن وخوبی منع کریں۔ خصوصاً کسی مہمان یا کسی کے بھی سامنے نہ ڈانٹیں۔ اگر خدانخواستہ اکتالیس (41) دن کے بعد بھی فرق نہ پڑے تو یہ معاملہ جنات کے برے اثرات کا ہے۔ اس کا باقاعدہ علاج کروائیں۔ خ)

محبت میں مبتلا کرنے کے لئے

اگر کسی چیز پر لفظ "بَدُّوحُ" لکھ کر جسے کھلائے، وہ اس شخص کو بہت چاہنے لگے۔ اور اس سے محبت کرے۔ اور اگر اسی لفظ کو چھری پر لکھ کر اس چھری سے کوئی چیز کاٹ کر کسی کو کھلائے تو وہ شخص اس سے محبت کرنے لگے۔ (یہ عمل زوجین یا پھر محرموں کے درمیان کیا جائے۔ نامحرم کی محبت حاصل کرنے کے لئے نہ کیا جائے۔ چیز پر لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی نوکیلی شے سے کسی مٹھائی پر یہ لفظ بغیر اعراب کے لکھ کر وہ مٹھائی کھلائی جائے۔ لکھتے وقت ایک بار پڑھنا ضروری ہے۔ خ)

تجارت میں برکت

جمعرات کے دن یہ آیت ہرن کی جھلی پر لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر دکان کے دروازے کی چوکھٹ یا باغ کی زمین میں دفن کرنے سے بے پناہ خیر و برکت ہوتی ہے۔

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۵۹﴾ (البقرۃ:۲۵۹)

تجارت میں ترقی وخیر وبرکت

جمعرات کے دن باوضو اس آیت کو لکھ کر مکان یا دکان کے دروازے پر لٹکانے سے خیر و برکت ہو۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ ۚ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۷۳﴾ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۷۴﴾ (آل عمران:۷۳-۷۴)

سحر سے نجات کے اعمال

مرتب: مولانا علی آفاق (ناظم روحانی علاج گاہ)

سات سے گیارہ یوم میں سحر کے اثرات سے نجات

اس تعویذ کو مریض اپنے پورے جسم پر پھیر کر آگ لگا دے۔ صبح و شام کا ایک تعویذ جلایا کرے۔ ان شاء اللہ سات یوم یا گیارہ یوم میں اثرات زائل ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

فرعون	قارون	ہامان	سعیان
نمرود	بے ایمان	ابلیس	بیداد
حدسو	بیداد	ہامان	لمیس الیمین
ترملین	ترابلیس	قارون	ترابلیس

برائے دفع سحر جادو ٹونہ

استاذ العالمین حضرت حافظ جمیل احمد جمیل سکندر پوری رحمہ اللہ نے تحریر فرمایا ہے کہ الحمد شریف کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) روز تک پڑھیں۔ ترک حیوانات کریں۔ زکوٰۃ ادا ہو گی۔ بوقت ضرورت گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور کو پلائیں اور گلے میں باندھیں۔ ان شاء اللہ کیسا ہی سخت جادو، سحر علوی یا سفلی ہو گا، دور ہو گا۔ عزیمت یہ ہے: "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔" (روزانہ پانی پر دم کر کے دینا ہے۔ اس عمل کو کم از کم اکیس (21) دن تک ضرور کریں۔ اگر اثر باقی رہے تو اکتالیس (41) دن تک عمل جاری رکھیں۔ خ)

سفلی جادو اور ٹونے کا ایک روحانی علاج

درود شریف گیارہ (11) مرتبہ، پھر سورۂ توبہ کی آخری آیات لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ اور سورۂ بقرہ کا آخری رکوع، سورۂ اخلاص، معوذتین پڑھ کر مریض خود یا مریض کے لواحقین دم کریں۔ ساتھ ہی پانی پر دم بھی کریں۔ اکیس (21) دن تک پابندی سے یہ عمل کریں۔

بیری کے پتوں والا علاج

بیری کے سات (7) پتے، جن میں سوراخ نہ ہو، لے کر ان میں سے ہر پتے پر تین (3) بار یہ آیت پڑھیں اور ہر پڑھ کر دم کریں

پڑھنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ پہلے سات (۷) بار درود شریف اور پھر دس (۱۰) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس نام پر پھونک مار دیں۔ پھر دس (۱۰) بار آیت کی تلاوت کریں اور نام پر پھونک مار دیں۔ نظر نام پر جمی رہے اور تصور میں مطلوبہ شخص رہے۔ اس طرح سات (۷) بار اس نام پر دم کریں۔ گویا سورۂ روم کی یہ آیت شریف کل ستر (۷۰) مرتبہ تلاوت کرنا ہوگی۔ آخر میں پھر سات (۷) بار درود شریف پڑھ لیں۔ گویا آیت کی ستر (۷۰) بار تلاوت کے دوران میں ہر دس (۱۰) مرتبہ کے بعد ناراض شخص کے نام پر پھونک مارنی ہے۔ بعد ازاں اس کاغذ کو قرآن کریم میں سورۂ روم کے اندر ہی رکھ دیں۔ دوسرے دن پھر اسی طرح عمل کریں۔ اکیس (۲۱) دن کا عمل ہے۔ ممکن ہے سات (۷) دن یا چودہ (۱۴) دن ہی میں اثر ظاہر ہو جائے لیکن آپ اکیس (۲۱) دن پورے کریں۔ بعد ازاں کچھ مٹھائی پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کریں اور حسب استطاعت صدقہ و خیرات کریں۔ باقی اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں، سوائے اس کے کہ دوران عمل میں کچا لہسن اور پیاز نہ کھائیں۔ فاتحہ کے وقت ایصال ثواب کرتے ہوئے حضرت کاش

البرنیؒ کو نہ بھولیں کہ یہ اعمال اُن کے ذریعے ہی ہم تک پہنچے ہیں۔

قیدو بند سے رہائی

اس مجرب وظیفے کو بیان کرنے کی ضرورت اس لیے محسوس ہو رہی ہے کہ اکثر لوگ بذریعہ فون کسی ناگہانی کیس میں پھنسنے اور حوالات یا جیل میں بند ہونے کے بارے میں بتاتے رہتے ہیں۔ یہ درست ہے کہ ایسے تمام معاملات میں سب سے پہلے مادی طور طریقوں سے ہی مدد لینی چاہیے اور قانونی معاملات کو قانونی طریقوں سے ہی حل کرنا چاہیے لیکن جو لوگ بے قصور ہیں یا دانستہ یا نادانستہ کسی غلطی کے مرتکب ہو کر قیدو بند کی مصیبت کا شکار ہوئے ہوں، ان کے لیے بہترین وظیفہ ہمارے تجربے کے مطابق یہی ہے کہ وہ بلاتعداد چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے وضو بے وضو آیت کریمہ کا ورد اگلی آیت تک کریں یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَ كَذٰلِكَ نُـْۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾ (الانبیآء:۸۷-۸۸) پڑھیں۔ ان شاءاللہ جلد قید سے رہائی کے لیے کوئی ذریعہ پیدا ہو جائے گا۔ اگر اس دوران میں ہفتے کے دن پرندوں کو آزاد کرنے کا صدقہ بھی دیتے رہیں تو بہترین بات ہوگی۔

برائے ترک عاداتِ بد

بچوں کی یا کسی بھی چھوٹے بڑے کی کوئی بری عادت چھڑانے کے لیے ایک نہایت آسان عمل ہم لکھ رہے ہیں۔ رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو بعد نمازِ جمعہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ اسمِ الٰہی "اَلتَّوَّابُ" اول آخر سات (۷) مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور یہ پانی پلا دیں۔ یہ عمل روزانہ اکیس (۲۱) دن تک کریں۔ ان شاءاللہ کوئی بھی بری عادت ہو وہ ختم ہو جائے گی۔

دعائے امان

ایسے لوگ جو کسی بھی نوعیت کی سختی کا شکار ہوں۔ گردش سیارگان یعنی وقت کی خرابی چل رہی ہو۔ سیارہ زحل کی نحوست کا شکار ہوں یا سالانہ زائچہ نحس اثرات سال بھر کے لیے ظاہر کرتا ہو اور خصوصاً ان کے کاموں میں رکاوٹیں اور مشکلات پیدا ہو رہی ہوں یا نقصانات اور حادثات سے واسطہ پڑ رہا ہو، انہیں "دعائے امان" کو مستقل اپنے ورد میں رکھنا چاہیے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز صبح گھر سے نکلنے سے پہلے سات (۷)، نو (۹) یا گیارہ (۱۱) بار اس چھوٹی سی دعا کو پڑھ لیا کریں اور اپنے سینے پر دم کر لیا کریں۔ پھر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لیا کریں۔ دعائے امان یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اگر مشکلات اور نحوست کچھ زیادہ ہی چل رہی ہو تو اس سے نجات کے لیے اس دعا کو اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ پڑھیں اور اگر وظیفے کے طور پر اس کا آغاز کرنا ہو تو پھر نوچندے ہفتے سے شروع کریں اور نو (۹)، اٹھارہ (۱۸) یا ستائیس (۲۷) دن یا نوے (۹۰) دن تک پڑھیں۔ نوچندہ ہفتہ وہ ہوگا جو چاند کی تین تاریخ کے بعد پہلا ہفتہ ہوگا۔ اگر اس مبارک مہینے میں کوئی شروع کرنا چاہے تو کسی بھی ہفتے سے شروع کر سکتا ہے۔

سخت دل شوہر یا بیوی

اکثر خواتین یا بعض مرد یہ شکایت کرتے ہیں کہ اُن کا شوہر یا بیوی نہایت سخت دل اور بے پرواہ ہے۔ خاص طور پر یہ شکایت خواتین کو ہوتی ہے کہ شوہر محبت نہیں کرتا، خیال نہیں رکھتا، مالی طور پر پریشان کرتا ہے یا مار پیٹ کرتا ہے، بچوں کی ضروریات بھی پوری نہیں کرتا وغیرہ وغیرہ۔ اس مسئلے کے حل کے لیے ایک نہایت آسان وظیفہ دیا جا رہا ہے۔ رمضان کے پہلے جمعہ کو صبح طلوع آفتاب کے وقت پانی کی ایک بوتل پر پوری سورہ یٰس پڑھ کر دم کر دیں۔ یہ کام روزانہ اکیس (۲۱) دن تک کریں، یعنی پہلے جمعہ سے شروع کریں اور اکیس (۲۱) دن پورے کریں۔ اگر درمیان میں ناغہ کے دن آ جائیں تو وظیفہ چھوڑ دیں اور بعد میں اکیس (۲۱) دن پورے کریں۔ اس کے بعد یہ پانی روزانہ تھوڑا تھوڑا خاوند کو پلانا شروع کر دیں۔ پانی تھوڑا سا رہ جائے تو مزید پانی ڈال کر بوتل دوبارہ بھر لیں۔ ان شاءاللہ اس کا دل نرم ہو جائے گا اور گھر اور بچوں سے محبت پیدا ہو جائے گی، آپ کا خیال رکھے گا۔

عمل حٰمٓ الحی القیوم

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ (دیوبند)

اس کو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) روز تک لگاتار پڑھنا چاہئے۔ چالیس (۴۰) دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی اور عامل کے اندر اس عمل کو کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی۔

یہ عمل ہر طرح کی بیماریوں کے لئے، تندرستی کے لئے، بچوں، بوڑھوں اور جوانوں کی صحت کے لئے اور ان کی درازی عمر کے لئے تیر کی طرح کام کرے گا اور اللہ کے فضل و کرم سے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوں گے۔

نقش اس کا اس طرح بنے گا:

۷۸۶

	حٰمٓ الحی القیوم
حٰمٓ الحی القیوم	حٰمٓ الحی القیوم
حٰمٓ الحی القیوم	حٰمٓ الحی القیوم

اس عمل کو اگر دو سو ترپن (۲۵۳) مرتبہ کسی بھی چیز پر دم کر کے مریض کو کھلائیں یا پلائیں تو فوری اثر ہوگا اور بیماری سے نجات ملے گی۔

اس عمل کو اگر عامل دو سو ترپن (۲۵۳) مرتبہ پڑھ کر دور بیٹھ کر بھی کسی کے لئے دعا کرے گا تو ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

اس عمل کو کرتے وقت ایک تختی پر پانچ خانوں کا مذکورہ نقش بنا کر عامل اپنے سامنے رکھ کر اور اس کو دیکھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس عمل کو پڑھے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اس عمل کا ہدیہ عامل ایک شخص سے نوّے (۹۰) روپے لے سکتا ہے۔ اگر نقش بنا کر دے تب بھی ہدیہ نوّے (۹۰) روپے سے زائد نہ لے۔ اگر عامل اس سے زیادہ ہدیہ وصول کرے گا تو اس کا عمل بے اثر ہو جائے گا۔

ان اعمال کے اعمال بے حد موثر ہوتے ہیں اور ان کا اثر منٹوں اور گھنٹوں میں اللہ کے فضل و کرم سے سامنے آتا ہے اور ضرورت مندوں کو فوراً فائدہ ہوتا ہے لیکن ہدیہ کے معاملے میں عاملین کو محتاط رہنا چاہئے اور من مانی اور بے لگامی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہئے۔

یہ خاص اعمال بزرگوں اور ولیوں کی امانت ہے۔ من مانے ہدایا وصول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم بزرگوں کی امانت میں خیانت کرنے کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ جو لوگ روحانیت پر یقین رکھتے ہیں وہ بزرگوں کی ہدایات سے ادھر ادھر نہیں ہوتے۔

ہم نے ولیوں اور صوفیوں کی امانت کو اپنے قارئین تک پہنچا دیا ہے اور بخل سے کام نہیں لیا۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے قارئین کو ان بابرکت علوم سے استفادہ کرنے کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

(نئی کتاب)
نہ کوئی زکوٰۃ نہ کوئی چلہ، ایک سے تین دن کے عمل۔ غلط ثابت کرنے پر جو چاہو انعام پاؤ
اعمال
قابوس اصل
فوٹو کاپی (امپورٹڈ پیپر)
اس کتاب کا ہر عمل ہمارا مجرب اور بارہا دفعہ کا آزمودہ ہے۔ کوئی تبدیلی نہیں حرف با حرف اصل و مجرب عملیات
مصنف: بابا جارج پطرس بابا سلطان قلندری قادری
قیمت: 3000 روپے
صفحات: 110
حیض و نفاس جاری کرنا ✹ خون جاری کرنا ✹ خون روکنا ✹ پریم محبت عشق ✹ عمل مسافر و مجاور (دست غیب) ✹ دولت و رزق بے شمار ✹ طلسمی آنگوٹھی ✹ نظروں سے غائب ہونا ✹ عورت کو گرم کرنا ✹ محبوب کو غلام بنانا ✹ 30 منٹ محبوب آپ کا ✹ محبوب کو تڑپانا ✹ وشی کرن ✹ عورت کو بستر پر لانا ✹ دشمن کو ذلیل و برباد کرنا ✹ جاری خون کو روکنا ✹ دشمن کی حالت خراب ✹ دشمن ہلاک ✹ تسخیر پریاں ✹ دشمن کو ڈنڈے مارنا ✹ دشمن کا پیشاب بند ✹ ترقی رزق کاروبار میں برکت ✹ بیماری و ہلاکت دشمن ✹ نظریں ملاؤ محبوب پاؤ ✹ بربادی دشمن ✹ دشمن کو مارنا ✹ دشمن کو بیمار کرنا ✹ نظر بد سے حفاظت ✹ حفاظت ہی حفاظت ✹ 24 گھنٹے میں دشمن بیمار ✹ دشمن کو فوری سزا دینا ✹ دشمن کو جان سے مارنا ✹ جادو واپس پلٹانا ✹ دشمن کو پاگل کرنا ✹ دشمن کو تباہ و برباد کرنا ✹ دشمن کو سزا دینا ✹ دشمن کا پیشاب بند ✹ دشمن عورت کا خون جاری کرنا ✹ دشمن کو گھر سے بھگانا (جگہ قبضہ خالی کروانا) ✹ دشمن پر فالج کا حملہ ✹ دشمن کو برباد کرنا ✹ دشمن پر سایہ مسلط کرنا ✹ دشمن کو ذلیل کرنا ✹ زبان بندی ✹ قبرستان کی مٹی والا محبت کا عمل ✹ محبت کا ایک لفظ کا منتر ✹ عورت کو تڑپا نا گرمانا ✹ ہڈی پر ہونے والا عمل محبت ✹ وشی کرن سفلی ✹ سفلی محبت ✹ مصر کا منتر محبت ✹ حاضری چڑیل ✹ شیطانی منتر محبت ✹ محبوب کی بے رخی ✹ 2 منٹ میں محبوب حاضر ✹ شیطانی منتر محبت ✹ حاضرات پری ✹ ایک منٹ میں محبوب حاصل ہو ✹ مٹھائی والا عمل محبت ✹ محبت کا تصویر والا عمل ✹ محبت میں دیوانہ ✹ ایک طاقتور عمل محبت ✹ دنیا جہاں کا ہر کام ✹ ہر خواہش پوری ✹ حصول محبت جائز و ناجائز ✹ پاؤں کی مٹی پر پڑھا جانے والا عمل ✹ حاضری مطلوب ✹ تسخیر ہنومان ✹ موہنی منتر ✹ کنکر والا عمل ✹ حب سفلی ✹ محبوب آپ کا غلام ✹ شادی شدہ عورت کی تسخیر ✹ شیطانی منتر ✹ محبوب آپ کا ہوا ✹ شادی بیاہ محبت ✹ مفرور کا نمرود ختم ✹ قبضہ خالی کرانا ✹ دشمن پر بیماری مسلط کرنا ✹ تباہ و برباد گھر ویران ✹ دشمن کو بھگانا ✹ ہلاکت دشمن ✹ پیشاب کھولنا ✹ خون جاری کرنا ✹ سورۃ معکوسیہ دشمنان ✹ الحمد شریف معکوس ✹ سورۃ کوثر معکوس ✹ سورۂ لھب معکوس ✹ سورۃ الفیل ✹ سورۂ ناس معکوس ✹ سورۂ اخلاص معکوس ✹ حب موہنی ✹ قرض یا چوری شدہ مال کی واپسی ✹ دشمن کو پاگل کرنا ✹ حاضری مطلوب ✹ محبت کا ایک رات کا عمل ✹ حب و دب ✹ تصویر والا عمل ✹ استخارہ مجرب ✹ جلب و محبت ✹ خوابی حاضرات ✹ جلب الحبیب ✹ جلب سفلی ✹ جن مسلط کرنا ✹ حصار کتاب
+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
0332-4487877
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

بچوں کی کامیابی یا ناکامی میں صرف سکول ذمے دار نہیں

ڈاکٹر اختر احمد

ہر والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ کلاس میں بس انہی کا بچہ فرسٹ آئے لیکن ہر کوئی تو فرسٹ نہیں آسکتا تاہم اتنا ہے کہ آپ کے بچے کا شمار کم از کم ٹاپ کے دس بچوں میں تو ہونا چاہیے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو بحیثیت والدین آپ کی ذمے داری ہے کہ آپ اس کے اسباب کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ کہاں کمزوریاں ہیں۔ یقیناً کوشش کرنے سے بچے کی تعلیمی استعداد کار بڑھائی جاسکتی ہے۔ آیئے ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ بچوں کی تعلیمی صلاحیتیں بہتر بنانے کے لیے ماہرین کیا کہتے ہیں۔

پہلی کوشش والدین کو کرنا ہوگی

جیسا کہ سب ہی جانتے ہیں کہ بچے کی تعلیم و تربیت میں والدین کا کردار بنیادی ہوتا ہے تو والدین کو یہ ذمہ داری ہر صورت اٹھانی ہوگی۔ سال ہا سال سے ایک معروف امریکی سکول میں پڑھانے والی ٹیچر جولی دوگان کہتی ہیں بچوں کی کردار سازی میں سب سے بڑا اور اہم کردار والدین ہی کا ہوتا ہے۔ یہ والدین کی ذمے داری ہے کہ وہ بچے کی اس طرح رہنمائی کریں کہ وہ سکول کا کام بروقت اور ٹھیک انداز میں کرے۔ وہ سکول کے کام کو اپنی ذمے داری سمجھے کیونکہ بچے کو تعلیم کی طرف راغب کرنا، اس کی پڑھائی میں دلچسپی پیدا کرنا اور اسے ایک باعتماد فرد بنانے میں والدین کا کوئی دوسرا نعم البدل ہو ہی نہیں سکتا۔ بچے کا کوئی ذاتی معاملہ ہو یا تعلیم کا وہ سب سے زیادہ بھروسہ اپنے والدین ہی پر کرتا ہے۔

بچوں کی تعلیم ایک ٹیم کا کام

ایک اور سکول ٹیچر کارولن ویکٹیلڈ کہتے ہیں کہ تعلیم ایسی مہم ہے جسے ایک ٹیم مل کر ہی سر کرسکتی ہے۔ اساتذہ، والدین، طالب علم اور کمیونٹی تمام اس ٹیم کا حصہ ہیں۔

پڑھیں، پڑھیں اور پڑھیں

ایک اور امریکی سکول ٹیچر پامیلا وائٹ لک کہتی ہیں کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ کلاس روم میں آپ کے بچے کی پہچان ایک ذہین اور ذمے دار بچے کی ہو تو پڑھے بغیر یہ کام نہیں ہوگا۔ پڑھنا اچھے امتحانی نتائج کی کنجی ہے۔ پڑھے گا ہی تو کچھ کرے گا۔ اپنے بچوں کو کتابیں پڑھنے اور مطالعے کا عادی بنائیں۔ اساتذہ کی اکثریت اس بات سے متفق ہے کہ اگر آپ پڑھائی میں اپنے بچے کی مدد کرنا چاہتے ہیں تو جو بھی ہو بچے کو کتابوں سے دوستی کرائیں۔ صرف سکول میں کتاب پڑھنا کافی نہیں ہوگا۔ والدین اپنے سامنے اس بات کا اہتمام کریں کہ بچہ گھر میں بھی ان کے سامنے پڑھے۔ پامیلا وائٹ کے مطابق پڑھانے کا آغاز یقیناً والدین ہی سے ہونا چاہیے۔

سوالات کی حوصلہ افزائی کریں

یہ درست ہے کہ پڑھنا بنیادی نکتہ ہے لیکن صرف پڑھنا ہی کافی نہیں۔ ماہر تعلیم اور یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر ڈارویک فیلڈ کہتے ہیں کہ بچوں کے ساتھ سوالات کے سیشن رکھیں اور اہم اسٹوریز پر ان سے گفتگو کریں۔ پروفیسر ڈاکٹر ڈارویک فیلڈ کہتے ہیں کہ بعض والدین بچوں کے سوال کرنے کی عادت سے زچ ہوتے ہیں۔ بچے کے کسی سوال پر یہ کہنا کہ ''میرا دماغ نہ کھاؤ'' کا مطلب اپنے بچے کے دماغ کو بند کرنے کے مترادف ہے۔ بچوں کے سوالات پر ہمیشہ ان کی حوصلہ افزائی کریں اور عمدہ اور بہترین سوال پر بچے کی تعریف کریں۔ بچوں کو جواب دے کر سمجھانے کے بجائے بچوں کو ان کے سوالوں کے ذریعے سمجھائیں۔

اپنے تجربات سے بچوں کی رہنمائی کریں

بچوں کی تعلیم کی ایک اور ماہر ملیسا میکولے کہتی ہیں کہ روزمرہ کے تجربات کو بچوں کو سکھانے کے لیے استعمال کریں۔ اس سے بچے عملی طور پر سیکھتے ہیں۔ ان کا آئی کیو بڑھتا ہے۔ ملیسا میکولے کہتی ہیں کہ بچوں کو اپنے ماضی کے ایسے تجربات سے سکھائیں جس سے بچوں کی درست سمت میں رہنمائی ہوتی ہو۔ ملیسا میکولے کہتی ہیں کہ ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ بچوں کو حقیقی واقعات سے بڑی دلچسپی ہوتی ہے۔ خاص طور پر اپنے ماں باپ کے منہ سے سننے میں، ملیسا کے مطابق والدین سے میٹنگ میں ایک بار ایک ڈاکٹر سے ان کی ملاقات ہوئی۔ ان کا بچہ واقعی ایک شاندار بچہ تھا، میں نے تعریف کی کہ آپ اپنے بچے کی بہت اچھے انداز میں تربیت کررہے ہیں۔ ڈاکٹر نے انہیں بتایا کہ وہ اپنے بچے کو زندگی کے حقیقی تجربات اور واقعات سناتا ہے اور اس میں بچے کے ساتھ اسے خود بہت اچھا لگتا ہے۔ ڈاکٹر نے کہا کہ ایک بار وہ اپنی فیملی کے ساتھ کہیں جارہے تھے کہ زیرِ تعمیر سڑک پر ان کی نظر ایک مزدور پر پڑی۔ جب میں نے اس سے ہیلو ہائے کیا تو میرے بچے کو بہت حیرانگی ہوئی۔ اس نے پوچھا یہ کون تھا تو میں نے اسے بتایا کہ یہ میرا اسکول کے زمانے کا کلاس فیلو تھا۔ یہ بالکل پڑھائی پر توجہ نہیں دیتا تھا۔ اس کے ساتھی اور ٹیچر بھی اس کے رویے سے تنگ تھے۔ آخر ایک دن یہ سکول سے بھاگ نکلا۔ میں نے اپنے بچے سے کہا تم سوچو کہ اگر میں بھی پڑھائی سے دل چراتا اور محنت نہیں کرتا تو آج میں بھی بھری دوپہر میں تپتی دھوپ میں کھڑا سڑ رہا ہوتا۔ نہ ہی تمہارے پاپا کے پاس ایسی اچھی گاڑی ہوتی۔ ٹیسا ہوبز کا کہنا ہے کہ گاڑی چلاتے، کسی کلینک کے باہر بیٹھے اپنی باری کا انتظار کرتے یا اسی طرح کا کوئی اور وقت بچوں کو روزمرہ واقعات کے ذریعے سکھانے کا بہترین موقع ہوتا ہے۔

بچے کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھیں

والدین کو یہ جان لینا چاہیے کہ ٹیچر وہی کرے گا جو اس کے کرنے کا کام ہے، جو والدین کے حصے کا کام ہے وہ انہیں ہی کرنا پڑے گا۔ آپ کی روٹین میں یہ چیز شامل ہونی چاہیے کہ آپ روزانہ بچے کی کاپیاں چیک کریں۔ ان کے اسائنمنٹ سے باخبر رہیں۔ یہی نہیں ان سے پوچھیں کہ آج کس ٹیچر نے اسے کیا پڑھایا؟ اگر کسی کتاب پر لیٹ ورک یا والدین کے لیے کوئی پیغام لکھا ہے تو ٹیچر کو اس کا جواب دیں۔ اگر بچے کے رویے کے بارے میں کسی قسم کی شکایت کی گئی ہے تو اس کی وجوہات تلاش کریں اور کوشش کریں کہ بچہ اپنا رویہ تبدیل کرے۔ یہی نہیں اگر ہو سکے تو ٹیچر سے اس بات کی اجازت لیں کہ آپ کبھی کبھار کلاس روم تک جاسکیں، اس سے آپ کو اندازہ ہوگا کہ آپ کے بچے کا رویہ کیا ہے؟ اسی طرح اگر بچے سے متعلق آپ کو کوئی پریشانی ہے تو اس معاملے میں کلاس ٹیچر سے وقت لیں اور اس سے درخواست کریں کہ وہ آپ سے تعاون کرے۔

صرف اے گریڈ پر نظر نہ رکھیں

والدین کی کوشش ہونی چاہیے کہ وہ بچے کی تعلیمی کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے جو ممکن ہو وہ کریں لیکن ہر وقت بچے کی رپورٹ کارڈ میں کتنے "اے" آئے ہیں اس پر نظر رکھنا ہی کافی نہیں یا یہی نہیں کہ آپ بچے کو صرف اسی وقت سراہیں جب وہ بہت ہی غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرے۔ کبھی نتیجہ بہت اچھا نہیں بھی آتا، مطلب کسی نہ کسی مضمون میں بچے کی کارکردگی توقع کے مطابق نہیں ہوتی اور ایسا ہوجائے تو سر پکڑ کر بیٹھنے اور بچے کو سخت قسم کی سرزنش نہ کریں۔ کوشش کریں کہ ایسی وجوہات کو تلاش کیا جائے جس سے بچے کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ مریسا برٹ کہتی ہیں کہ قدرتی طور پر بچے بعض مضامین میں اپنی دلچسپی ظاہر کرتے ہیں لیکن بعض مضامین میں بچوں کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

چند بنیادی باتوں کا خیال رکھیں

بچوں کی تعلیمی کارکردگی میں چند بنیادی باتیں بہت ضروری ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچہ اپنی نیند پوری کرے۔ غذائیت سے بھری خوراک کھائے۔ والدین کو معلوم ہونا چاہیے کہ بچے کی تعلیم اس کی صحت سے جڑی

ہے۔ایک صحت مند جسم ہی میں صحت مند دماغ ہوتا ہے۔ بچے کی طبی صحت کا وقتاً فوقتاً معائنہ کراتے رہیں۔ حال ہی میں برطانیہ میں کی گئی ایک ریسرچ میں یہ بات سامنے آئی کہ جو بچے روزانہ ایک اچھا ناشتہ کر کے سکول جاتے تھے ان کی کارکردگی ناشتے کے بغیر سکول جانے والوں سے بہت بہتر تھی۔

والدین اور ٹیچرز میں ملاقات ضروری ہے

بے شک آپ بچے کی روزانہ ڈائری چیک کرتی ہوں۔ اسی طرح اس کے ہوم ورک اور دیگر کاپیوں پر نظر رکھتی ہوں لیکن ماہ دو ماہ بعد والدین اور اساتذہ میں ملاقات انتہائی مثبت نتائج سامنے لاتی ہے۔ ماہرین تعلیم کہتے ہیں کہ اس معاملے میں ٹیچرز کو بھی چاہیے کہ وہ والدین کو ملاقات کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔ اس ملاقات کا فائدہ یہ رہتا ہے کہ آپ بچے کو پڑھانے والے تمام مضامین کے اساتذہ سے ملتے ہیں اور بچے کی کارکردگی کا اندازہ لگا لیتے ہیں۔

ہر بچہ ایک جیسا نہیں ہوتا

والدین کو معلوم ہونا چاہیے کہ تمام بچے یکساں ذمے دار نہیں ہوتے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کا ایک بچہ ایسا ہو جسے ہوم ورک کے لیے آپ کو بار بار نہ کہنا پڑتا ہو لیکن سب بچے ایک جیسے نہیں ہوتے۔ لڑکیاں اس معاملے میں عموماً ذمے داری کا مظاہرہ کرتی ہیں لیکن لڑکے لاابالی واقع ہوتے ہیں۔ انہیں آپ کو بعض اوقات باندھ کر رکھنا پڑتا ہے۔ والدین یہ بات جان لیں کہ نظم و ضبط کے بغیر بچے کی تعلیمی صلاحیتوں میں نکھار نہیں لایا جا سکتا۔ آپ کو اپنے بچے کا ایک شیڈول بنانا پڑے گا۔ اس کے کھانے پینے اور کھیلنے اور پڑھنے کے اوقات کار مقرر کرنا ہوں گے۔

بچے کو شعوری طور پر قائل کریں

بچوں کی تعلیم کی ماہر مریسا برٹ کہتی ہیں کہ یہ بہت اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کو تعلیمی کارکردگی بڑھانے کے لیے شعوری طور پر قائل کرتے ہیں یا اسے ڈرا دھمکا کر پڑھاتے ہیں۔ مریسا برٹ کہتی ہیں کہ بچہ اگر شعوری طور پر تعلیم سے لگاؤ بڑھائے گا تو یہ خوف اور دھمکیوں سے پڑھنے کے مقابلے میں کہیں زیادہ بہتر ہوگا۔ مریسا برٹ کہتی ہیں کہ بہترین motivation تو یقیناً یہی ہے کہ آپ کا بچہ جان جائے کہ شاندار کامیابی کی زندگی میں اہمیت کیا ہے؟ یہ احساس نہ صرف بچے کے سکول میں بلکہ اس کی آئندہ زندگی میں بھی اس کے بہت کام آئے گا، وہ ہمیشہ بہتر سے بہتر نتائج کے لیے جدوجہد جاری رکھے گا۔

بچے کو خود سیکھنے دیں

ایک اور ماہر تعلیم کیرولین ویکیٹیلڈ کا کہنا ہے کہ اپنے بچے کو کامیابیوں اور ناکامیوں سے سیکھنے دیں۔ کرولین کہتی ہیں کہ بحیثیت والدین آپ کو لگتا ہوگا کہ ہوم ورک کا تمام کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیں لیکن شاید یہ آپ کے بچے کے لیے زیادہ اچھا نہیں ہوگا۔ کیرولین کہتی ہیں کہ آپ بچے کی سرگرمیوں پر نظر ضرور رکھیں لیکن جیسے جیسے وہ بڑا ہوتا جائے اس کو ذمہ داری اور قدرے آزادی کا بھی سونپتے جائیں۔ اگر وہ کامیاب ہوتا ہے تو اپنی کوششوں سے کامیاب ہو اور اگر کہیں ناکامی ہوتی ہے تو اسے احساس ہونا چاہیے کہ کیوں ناکام ہوا ہے؟

بچہ گھر سے بھی سیکھتا ہے صرف سکول سے نہیں

سکول ٹیچر ٹیسا ہوبز کہتی ہیں کہ ''نظم وضبط، تہذیب اور احترام بچہ گھر سے سیکھتا ہے۔'' بیشتر ٹیچرز کا اس بات پر اتفاق ہے کہ کلاس میں بچوں کی بدتمیزیاں ایک بڑا مسئلہ ہے۔ کچھ والدین نظم وضبط کا سارا بوجھ سکول والوں پر ڈال کر خود کو بری الذمہ کر لیتے ہیں لیکن سچی بات یہ ہے کہ جب گھر میں نظم وضبط کا خیال نہیں رکھا جائے گا تو صرف اساتذہ اکیلے یہ ذمے داری نہیں نبھا پائیں گے۔ ٹیسا ہوبز نے کہا کہ جب بچے گھر پر نظم وضبط کی پابندی نہیں کریں گے اور دوسروں سے عزت واحترام سے پیش نہیں آئیں گے تو نہیں سکول میں بھی انہی غلط چیزوں سے روکنا ممکن نہیں رہے گا۔ اچھی باتیں بچے کے کردار کا حصہ ہونی چاہئیں۔ والدین کو اس کی شخصیت کی تعمیر اس انداز سے کرنی چاہیے کہ چاہے کلاس روم ہو یا گھر یا پھر کوئی اور جگہ، بچے کی شخصیت کا سلجھاپن ہر جگہ نظر آنا چاہیے۔

بچوں کی حوصلہ افزائی کریں

تعریف کوئی بھی کرے اور کسی کی بھی، یہ سب کو اچھی لگتی ہے۔ ٹیسا ہوبز کہتی ہیں بچوں کے معاملے میں تعریف کی اہمیت چار گنا بڑھ جاتی ہے۔ اچھے اور مثبت کاموں پر ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی کریں۔ یہی نہیں والدین اپنے بچے کے سب سے بڑے چیئر لیڈر ہونے چاہئیں۔ جب بچے سکول میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے یا ٹیچرز اس کے اچھے رویے کی تعریف کریں، آپ بھی بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچے کی خود اعتمادی کے لیے یہ بہت ضروری ہوتا ہے۔ لہٰذا ہمیشہ بچے کو سراہنے کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

کمزور مضامین میں بچے کی مدد کریں

اگر آپ کا بچہ حساب یا سائنس وغیرہ یا کسی بھی اور مضمون میں کمزور ہے تو اسے نالائق، کند ذہن یا کام چور وغیرہ کے طعنے مت دیں۔ ایسا کرنے سے کچھ بہتری نہیں آنے والی۔ تنقید سے بچے تنقید ہی سیکھتے ہیں۔ ایسے طریقے اختیار کریں جس سے بچہ کمزور مضامین میں دلچسپی لینا شروع کر دے۔ آپ کی کوشش ہونی چاہیے کہ ہر وہ طریقہ اختیار کیا جائے جس سے بچے کے لیے مضمون کو سمجھنے میں آسانی پیدا ہو۔ امریکی ماہر تعلیم ٹریسا میڈن کہتی ہیں کہ آپ کے بچے کو معلوم ہونا چاہیے کہ خدا نے اسے جیسا بھی بنایا ہے آپ اس پر فخر کرتے ہیں۔ یہی والدین اور بچے کے درمیان خوبصورت احساس ہے جس پر بچہ ترقی کی منزلیں طے کرتا جاتا ہے۔

دعا نصف شعبان

انتخاب: مولانا علی آفاق (مدیر خزینہ روحانیات)

سال بھر تمام بلاؤں سے حفاظت

نصف شعبان سے مراد پندرھویں شب ہے۔ اس رات کو درج ذیل عمل کیا جائے۔ حضرت اقدس نفیس شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں کہ سورۂ یٰسین تین (3) بار پڑھنی ہے۔ اوّل بار عمر درازی کی نیت سے۔ دوسری بار بلاؤں کے دفع کرنے کے واسطے۔ تیسری بار مخلوق کا محتاج نہ ہونے کے لئے۔ اور ہر بار سورۂ یٰسین کے بعد کے درج ذیل دعا ایک بار پڑھنی ہے۔ اس دعا کی برکت سے اللہ حاجت روائی فرماتا ہے۔ اور سال بھر تک تمام مصیبتوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ مجھ کو مشائخ سے دعا پہنچی ہے۔ میں تمام مسلمانوں کو جو اس کے خواہشمند ہوں۔ اجازت دیتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ يَا ذَالْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْكَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذَالطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ظَهْرُ اللَّاجِئِيْنَ وَجَارُ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ وَاَمَانُ الْخَائِفِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ كَتَبْتَنِيْ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتَابِ شَقِيًّا اَوْمَحْرُوْمًا اَوْمَطْرُوْدًا اَوْمُقْتَرًا عَلَيَّ فِي الرِّزْقِ فَامْحُ اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ شَقَاوَتِيْ وَحِرْمَانِيْ وَطَرْدِيْ وَاِقْتَارَرِزْقِيْ وَاثْبِتْنِيْ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتَابِ سَعِيْدًا مَّرْزُوْقًا مُّوَفَّقًا لِّلْخَيْرَاتِ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ فِيْ كِتَابِكَ الْمُنْزَّلِ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ يَمْحُوا اللّٰهُ مَايَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ اِلٰهِيْ بِالتَّجَلِّي الْاَعْظَمِ فِيْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ الْمُكَرَّمِ الَّتِيْ يُفْرَقُ فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ وَّيُبْرَمُ اَنْ تَكْشِفَ عَنَّا مِنَ الْبَلَاءِ مَا نَعْلَمُ وَمَا لَا نَعْلَمُ وَمَا اَنْتَ بِهٖ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔

تدبیر کرنا کام ہمارا

روحانی علاج گاہ کے تیار شدہ علاج

نتیجہ مرتب کرنا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں

خاص تعویذ نمبر 13: جوڑوں کے درد سے نجات

ادویات شفا دینے سے قاصر ہیں، خصوصاً بڑھاپے کا شکار افراد، وہ فوری طور پر دوا کے ساتھ ہمارے ادارے کا سالہا سال کا مجرب، مفید اور پرتاثیر تعویذ استعمال کریں۔

ہدیہ: 300 روپے

روحانی راکھ برائے ہر مرضِ جسمانی و روحانی

روحانی راکھ ایک خاص طریقے سے تیار کی جاتی ہے جو مختلف جسمانی امراض کے ساتھ ساتھ جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کے لیے بھی حیران کن اثرات کی حامل ہے۔ معمولی جسمانی امراض کے ساتھ ساتھ خطرناک قسم کے جان لیوا امراض، جو جادو اور جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہوں، ان کے لیے انتہا درجے کی مفید راکھ ہے۔ جادو اور جنات کے متاثرہ ایسے مریض، جو جسمانی طور پر چاہے جتنے مرضی متاثر ہوں، جنات کی حاضری ہوتی ہو، جنات دماغ کنٹرول کرتے ہوں، جنات نے جسمانی تعلقات قائم کر رکھے ہوں اور اس جیسی دیگر علامات میں یہ راکھ استعمال کرنے سے مریض کو شفاء ملتی ہے۔ نفسیاتی امراض میں بھی یہ راکھ بہت مفید ہے۔ یہ ایک کراماتی راکھ ہے۔

ہدیہ: 150 روپے

خاص تعویذ نمبر 14: مطلوب بے چین ہو کر حاضر ہو

مطلوب ناراض ہو کر چلا گیا ہو، واپس نہ آ رہا ہو جیسے اولاد روٹھ کر چلی گئی، شوہر یا بیوی روٹھ کر چلے گئے، ملازم یا ملازمہ چلی گئی، دوست ناراض ہو گیا ہے اور واپس نہیں آ رہا اور اس طرح کے کئی معاملات، جن میں شرعاً عمل کرنے کی گنجائش ہو تو خاص تعویذ کو خاص طریقے پر استعمال کریں اور اپنے من کی مراد پائیں۔ اب آپ کا مطلوب، آپ کو مزید دکھوں، غموں میں مبتلا نہیں کر سکے گا بلکہ آپ سے رجوع کرے گا اور آپ کے پاس واپس آئے گا، ان شاءاللہ۔

ہدیہ: 350 روپے

خاص تعویذ نمبر 15: گھر میں افراد کی جدائی

ایک ہی گھر یا جگہ میں رہنے والے افراد کے درمیان غلط قسم کے تعلقات ہو جائیں جیسے دیور بھابھی، جیٹھ بھابھی، سالی بہنوئی، سسر بہو وغیرہ یا کوئی ایسی صورتحال ہو کہ اگر جدائی نہ ہو تو کسی کا گھر تباہ ہو سکتا ہو جیسے کسی کی ساس اور نند مل کر اس کا گھر تباہ کرنا چاہیں، کسی دفتر/ محکمے میں کسی ایماندار اور نیک شخص کے خلاف بے ایمان لوگوں میں اتحاد ہو اور وہ اس کو پھنسانا چاہیں یا اسی طرح کی کوئی صورتحال ہو تو ایسے میں جدائی ضروری ہو جاتی ہے۔ اس تعویذ کو خاص طریقے سے استعمال کرنے پر ان شاءاللہ، فسادی اور غلط تعلقات والے افراد کے درمیان جدائی ہو جائے گی۔

ہدیہ: 400 روپے

روحانی فتیلہ (بتی) نمبر 1: نظر آنے والے جنات سے نجات

ایسے مریض جن کو جنات نظر آتے ہوں جیسے اپنی اصلی صورت یا پھر انسانی صورت میں سامنے آنا، کبھی سائے نظر آنا، دیواروں پر شکلیں بننا، کبھی کسی جانور یا کیڑے کی صورت میں سامنے آنا یا کسی بھی شکل میں ظاہر ہو کر مریض کو پریشان و خوفزدہ کرتے ہوں تو ان سے نجات کے لیے اس فتیلے کو استعمال کریں۔ ان شاءاللہ، جنات بھاگ جائیں گے اور جو مقابلہ کریں گے، وہ جل جائیں گے۔

ہدیہ: 300 روپے

زور آور کیپسول
بڑی پیکنگ: 1500 روپے
چھوٹی پیکنگ: 750 روپے
مردانہ طاقت کو بڑھاتا ہے
مایوسی کو امید میں بدلتا ہے
بے رغبتی کو دور بھگاتا ہے
دائمی اور مستقل قوت کا راز ہے
ہر قسم کی سستی، لاغری کو ختم کرتا ہے
انتشار کی کمی کو پورا کرتا ہے
پٹھوں کی کمزوری کا خاتمہ کرتا ہے
عدم دلچسپی کو ختم کرتا ہے
شوگر کی وجہ سے ہونے والی مردانہ کمزوری کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے
زور آور کیپسول اپنے نام کی طرح واقعی زور آور ہے
ہر قسم کی مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین چیز ہے
مردانہ کمزوری کے غریبوں کو مردانہ طاقت کے باعث بادشاہ بناتا ہے
042-35410586
0304-7772772
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
پیغام جوانی کیپسول
چھوٹی پیکنگ: 750 روپے (10 کیپسول)
بڑی پیکنگ: 1500 روپے (20 کیپسول)
طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ مخفی و پوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے ◆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم ومضبوط بناتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ مایوس الباہ دوستوں کیلئے ایک عظیم خوشخبری ہے ◆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ◆ ہر عمر کے مرد حضرات بلا خوف وخطر استعمال کرسکتے ہیں ◆ ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سو فیصد پاک ہے ◆ آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے ◆ قدردانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے ◆ مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کیلئے طب یونانی کا 100 فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مثالی تحفہ ہے۔
042-35410586
0304-7772772
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
سفوف شباب آور
قیمت: 850 روپے
مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے ● جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے ● حکماء اور طبیبوں کے سینوں کا خاص راز ہے ● رگوں اور پٹھوں میں غضب کا جوش پیدا کرتا ہے ● اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے ● بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے ● برف کی مانند ٹھنڈوں کو آگ کی سی تپش دیتا ہے ● مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے ● مرد کو حقیقی مرد اور جسم میں بجلی کی سی تیزی پیدا کرتا ہے ● قدیم اور شاہی حکیموں کی زندگی بھر کا نچوڑ اور خلاصہ ہے ● شوگر کے مریضوں کے لیے بھی ایک نایاب وکامیاب چیز ہے ● انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے ● جوانی کو قائم ودائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے ● بڑھاپے کے اثرات اور نشانیوں کو ختم کرتا ہے ● ہر قسم کے نقصان دہ اور صحت کو تباہ کرنے والے مضر اجزاء سے پاک ہے ● تازندگی استعمال کیا جاسکنے والا ایک بے ضرر قیمتی ٹانک ہے ● انتہائی کم خوراک میں بہت زیادہ طاقت پیدا کرتا ہے ● ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے ● سفوف شباب آور مطب العارف کا ایک اہم اور کثیر تعداد میں فروخت ہونے والا انتہائی مفید اور قیمتی اجزاء پر مشتمل بیش قیمت مرکب ہے
042-35410586
0304-7772772
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
طلاء خاص الخاص
قیمت 950 روپے
◆ برائے عضو خاص میں اضافہ
◆ عضو خاص میں موٹائی
◆ فوری رزلٹ
◆ فوری طاقت
◆ آبلہ نہ پٹی
◆ زبردست انتشار
فواص: مطب العارف نے طویل ریسرچ اور انتھک تحقیق کے بعد نادر ونایاب روغنیات اور حیوانی اجزاء سے ایک بہترین مرکب تیار کیا ہے۔ ایک ایسا مرکب، ایک ایسا طلاء کہ جس کی جستجو مریض کافی عرصے سے کر رہے تھے۔ مطب العارف کا تیار کردہ یہ بے مثال تحفہ واقعی یادگار ہے۔
نوٹ: اندرونی کمزوری کے خاتمے کیلئے طلاء خاص الخاص کے ساتھ پیغام جوانی کیپسول کا استعمال آپ کو دوبارہ سے بھرپور جوان بنادے گا۔
042-35410586
0304-7772772
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

حکمت کی کرشمہ سازیاں

قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

لٹ رہا ہے جواہرات کا ڈھیر
اب بھی کوئی نہ لے تو ہے اندھیر
نسخہ بتایا میں نے تفکر کمال سے
کاغذ پر رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

قبض کا علاج

حکماء کا قول ہے کہ معدہ درست، انسان تندرست۔ قبض ٹوٹا ہر بلا چھوٹا۔ قبض سینکڑوں بیماریوں کی جڑ ہے۔ اگر آپ اپنی زندگی میں ان دونوں باتوں کا خیال رکھیں گے تو زندگی بھر بیمار نہ ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

علامات: وقت پر پاخانہ نہ آنا۔ پاخانہ وقت سے نہ ہونا، کم مقدار میں ہونا، گانٹھیں نکلنا، پاخانہ کے بعد پیٹ میں ہلکا پن اور کھل کر پاخانہ آنے کا احساس نہ ہونا۔

تحریک: اعصابی عضلاتی اور اعصابی تحریک میں دائمی قبض ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ باقی تحریکوں میں زیادہ شدید قبض نہیں ہوتی۔

علاج و ادویہ: اطریفل سناء، اطریفل کبیر، اطریفل زمانی، اکسیر معدہ، حب زنجبیل، شربت سناء، شربت قبض کشا، شربت ملین، عراق اجوائن، عرق پودینہ، معجون زنجبیل، معجون قرطم۔

بھوک نہ لگنا...... سفوف زرشک مقوی معدہ

نسخہ: زرشک، دھنیا خشک، اجوائن دیسی ...... ہر ایک، ایک تولہ۔ نمک لاہوری چھ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر آملہ کے رس میں کھرل کریں اور سفوف بنالیں۔

خوراک: تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک۔

فوائد: اس کا مزاج عضلاتی اعصابی ہے۔ مقوی معدہ ہے اور دافع قے ہے۔ ہیضہ کا مؤثر علاج ہے۔ زہروں کیلئے زبردست تریاق ہے۔ بچھو اور سانپ کے کاٹ لینے سے انسان مرجاتا ہے۔ ایسے خطرناک زہر کیلئے ''سفوف زرشک'' آب حیات کا کام کرتا ہے۔ اس سفوف کو ہر دس پندرہ منٹ کے بعد کسی بھی ترشی کے ساتھ دیں جیسے لیموں، انار ترش یا سرکہ پانی میں ملا کر دیں۔ مریض آنکھ کھول دے گا۔ بعض اوقات کوئی مریض غلطی سے کوئی زہر استعمال کرلیتا ہے۔ خاص طور پر ہمارے دیہات میں کیڑے مار ادویات کا اسپرے زیادہ ہونے سے اس قسم کے مریضوں کی تعداد بہت نظر آتی ہے۔ اس لئے یہ دوا گھریلو استعمال کے طور پر رکھنا بہت ہی مفید ہے۔ اس کے علاوہ ایلوپیتھک دوائیں جو جسم و جان کیلئے راحت کے بجائے وبال جان بن گئی ہیں، ان کے تریاق کیلئے بھی ''سفوف زرشک'' کو کبھی نہ بھولیں۔

رستمین عرف سفوف کرنل

نسخہ: سم الفار (سنکھیا) ایک تولہ، نمک شیشہ آٹھ تولہ، گھیکوار کے لعاب میں آٹھ روز کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

خوراک: دو چاول سے چار چاول ہمراہ مکھن۔

فوائد: عضلاتی غدی ہے۔ ہاضمہ بڑھ جاتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ فشار الدم کے مریضوں کو نہ دیں۔ دیسی گھی کا استعمال وافر کروائیں۔ اس کے استعمال سے قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ نامردی ہمیشہ کیلئے ختم ہوجاتی ہے۔ گھی دودھ خوب ہضم ہوتا ہے۔ ہیپاٹائٹس بی اور سی کے مریضوں کیلئے بہت ہی اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔

روح جیون بوٹی

نسخہ: سم الفار، شنگرف رومی ہر ایک ایک تولہ، بیخ اونٹ کٹارا دو تولہ، سفوف رتن جوت ایک تولہ۔ سب کو پوٹلی میں باندھ کر پانچ سیر دودھ میں جوش دے کر ضامن لگائیں اور پھر بلو کر گھی نکالیں۔

خوراک: پانچ قطرے مکھن یا حلوے میں دیں۔

فوائد: عضلاتی غدی مزاج کی حامل ہے۔ محرک، مقوی باہ اور نامردی

کی اعلیٰ دوا ہے۔ وجع المفاصل، تھکن میں مستعمل ہے۔ بھوک بڑھ جاتی ہے۔ یہ دوا کمزور گردوں والوں کو نہ دیں۔ اس دوا میں دودھ گھی زیادہ مقدار میں دیں۔

طلاء روغن فیلڈ مارشل: روغن زلُو (جونک کا تیل)

نسخہ: جونک کلاں سات عدد، بچھو سات عدد، روغن تل پاؤ میں جلا کے صاف کر کے چھان کر محفوظ رکھیں۔

فوائد: اس کا مزاج عضلاتی غدی ہے۔ بطور طلاء مقوی باہ ہے۔ آوارہ عورتوں اور بدقماش عورتوں کا دشمن ہے۔ ان کو راہ راست پر لاتا ہے۔ قدر کے لائق تحفہ ہے۔

روغن سم الفار

نسخہ: چالیس ابلے ہوئے انڈوں کی زردی نکال لیں اور اس میں زعفران تین ماشہ، سم الفار باریک سفوف ایک تولہ ملا کر زوردار ہاتھوں سے گرمی کے موسم میں اس قدر کھرل کریں کہ اس میں سے تیل نکل آئے۔ تین چار قطرے بعد از غذا استعمال کریں یا طلاء کریں۔

فوائد: اس کا مزاج عضلاتی غدی ہے اور مقوی باہ ہے۔ یہ عضو تناسل میں سختی پیدا کرتا ہے اور اس کو فربہ کرتا ہے۔ اس کے اندرونی استعمال سے قوت باہ زیادہ ہوتی ہے۔ بھوک زیادہ لگتی ہے۔ اور دودھ بھی خوب ہضم کرتا ہے۔ چہرہ انار کی طرح سرخ ہو جاتا ہے۔ انگ انگ میں خون دوڑتا ہے۔

روغن عروسک (ملکہ نور جہاں)

نسخہ: بیر بہوٹی کو گائے کے گھی میں اس قدر بریاں کریں کہ گھل جائیں۔ اس کے بعد چھان کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت عضو پر لگائیں۔

فوائد: اس کا مزاج عضلاتی مزاج کا حامل ہے۔ رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ بطور طلاء عضو تناسل میں دوران خون تسخیر کر کے عضو کو تحریک دیتا ہے۔ نامردوں کیلئے بہترین روغن وطلاء ہے۔ کان کے بہنے کیلئے بہت ہی اعلیٰ دوا ہے۔ تین چار قطرے روزانہ کان میں ڈالیں۔

حب زرجام عشق عرف عام لیلیٰ

نسخہ: زعفران، دارچینی، جائفل، لونگ، افیون، عقرقرحا، شنگرف ہر ایک ایک ماشہ۔ مروارید دو ماشہ، روغن سم الفار دو ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر شہد میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی رات کو کھانا کھا کر اوپر سے دودھ میں دیسی گھی ملا کر پی لیں۔

فوائد: اس کا مزاج عضلاتی غدی ہے۔ نامردو زنانہ اشخاص کیلئے نوید مسرت ونوید بہار ہے۔ زندگی پُرلطف ہو جائے گی۔ شرمندگی خوشگوار زندگی میں بدل جائے گی۔ ان گولیوں کو استعمال کرنے والے مکھن اور دیسی گھی کا استعمال خوف کریں۔

جریان

یہ مرض زیادہ تر مرغن غذائیں اور گرم اشیاء کھانے سے ہوا کرتا ہے۔ سب سے پہلے گرم اشیاء سے اجتناب کریں سرد غذائیں کھائیں۔ لوکی، توری، بھنڈی وغیرہ کھائیں۔ علاج شروع کرنے سے پہلے معدہ کی صفائی کریں۔ ایک ہلکا سا جلاب لیں۔ پھر علاج کی طرف توجہ دیں۔

علاج: سنگ جراحت، ملیٹھی، اسپغول، مغز تخم املی، ہر ایک دو تولہ، ستاور چار تولہ، کھانڈ دیسی چھ تولہ......کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

خوراک: تین ماشہ صبح، شام ہمراہ شیر۔

فوائد: اس کا مزاج اعصابی عضلاتی ہے اور یہ مغلظ مادہ منویہ ہے۔ باقی فوائد مذکورہ بالا ہیں۔

جریان

علاج: کشنیز تخم کوٹ کر اور مصری برابر وزن ملالیں اور محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ صبح آب تازہ کے ہمراہ۔

فوائد: اس کا مزاج اعصابی عضلاتی ہے۔ یہ دوا جریان کو بند کرتی ہے۔

جریان کا علاج کم خرچ و بالانشین

علاج: پھٹکڑی بریاں ½ تولہ، سہاگہ بریاں ½ تولہ، دونوں مکس کر کے چائے کے قہوہ کے ساتھ پئیں۔ ان شاء اللہ تین چار خوراکوں سے

اس مرض سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گی۔

طلاء

طلائے آبلہ انگیز

نسخہ: مغز جمال گوٹہ ایک دانہ پتھر پر رکھ کر قطرہ قطرہ پانی گرا کر گھس کر پتلا لیپ بنائیں اور اس میں معمولی سا تل کا تیل شامل کر کے لیپ بنائیں۔

ترکیب استعمال: عضو تناسل کے بالائی حصہ اور پہلوؤں کو کپڑا رگڑ کر سرخ کر لیں۔ پھر یہ لیپ لگا کر پان کا پتہ باندھ دیں۔ جب آبلہ پڑ جائے تو پٹی کھول کر سوئی سے چھید کر کے پانی نکال کر آبلہ درستگی کیلئے مکھن پانی میں دھو کر قدرے کتھہ باریک شدہ ملا کر بطور مرہم لگائیں۔

فوائد: غدی عضلاتی مزاج ہے۔ رطوبات کی زیادتی کی وجہ سے عضو تناسل ڈھیلا پڑ جاتا ہے تو اس کے استعمال سے بہت جلد فاضل رطوبات زائد ہو جاتی ہیں اور عضو تناسل میں سختی، استادگی اور طاقت لوٹ آتی ہے۔

طلائے تدھارا

نسخہ: شیر مدار، گائے کا مکھن ہموزن لے کر بارہ گھنٹے تک کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: سروسیون بچا کر طلا کریں۔ اوپر گرم پان باندھیں۔

فوائد: اعصابی غدی ہے۔ یہ طلاء دبلے پتلے اور کمزور عضو تناسل کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ اس کے استعمال سے عضو تناسل کا ٹیڑھا پن دور ہو جاتا ہے۔ مجلوقین کیلئے انتہائی مفید طلاء ہے۔

طلاء: عقر قرحا، سہاگہ، خام کافور، نرکچور ہر ادویہ ہموزن لے کر شہد میں باریک پیس کر کپڑے سے چھان کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: چار رتی عضو مخصوص پر طلاء کریں اور ایک گھنٹہ بعد کپڑے سے صاف کر کے مشغول ہوں۔

فوائد: اس کا مزاج اعصابی غدی ہے۔ ایسے مریض جن کو جماع کے دوران لذت نہ آتی ہو اور عضو تناسل دبلا پتلا ہو گیا ہو، اس کے استعمال سے از سر نو لذت پیدا ہو جاتی ہے اور عضو تناسل موٹا ہو جاتا ہے۔ اور عورت کو بھی جماع کے دوران بے انتہا لذت ملتی ہے۔

پٹی

ہیرا ہینگ اصلی بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے ایک باریک کپڑا اس میں بھگو کر رات بھر یوں ہی تر رکھ کر سائے میں خشک کر لیں۔ جب ضرورت ہو تو بکری کے دودھ میں تھوڑا سا کپڑا بھگو کر رات کے وقت عضو تناسل پر لپیٹ کر صبح کو دور کر کے دوسرا لپیٹ دیں۔ تین دن تک ایسا ہی کریں۔

فوائد: اس کا مزاج غدی عضلاتی ہے۔ یہ جلق کے مریضوں کیلئے بہت مفید ہے۔ نامرد حضرات کیلئے یہ پٹی دوبارہ مردانہ قوت پیدا کرتی ہے۔ تجربہ پر یہ پٹی بہت ہی مفید ثابت ہوئی ہے۔ غضب کی قوت مردمی پیدا ہو جاتی ہے۔

اپنی بیوی کو غلام و گرویدہ بنانا

سیاہ کوے کی بیٹ پیس کر شہد میں ملا کر اپنے عضو تناسل پر ملیں۔ بعد میں عورت سے مباشرت کریں۔ عورت جاں نثاری کرنے لگے گی۔

ایضاً: چڑیا کے خون میں سہاگہ، عطر گلاب حسب ضرورت، بھڑ کا چھتہ (اگر نہ ملے تو سنکھیا سفید ۴ رتی) اور شہد ملا کر عضو تناسل پر لگا کر مباشرت کرے تو وہ عورت زندگی بھر دوسرے مرد سے ہم بستر ہونا پسند نہ کرے۔

ایضاً: کالے کوے کا پتہ چنبیلی کے تیل میں لت کر کے بوقت ضرورت آلت پر لگائیں۔ عورت کو مرد کے بغیر کل نہ پڑے گی۔

ایضاً: مرغی کی چربی اور مردار سنگ ذکر پر طلاء کر کے جس عورت سے مباشرت کرے، اس پر دوسرا مرد قادر نہ ہوگا۔

ایضاً: چمگادڑ کا پتہ آلت پر لگا کر عورت سے جماع کرے، دوسرا مرد ہرگز قادر نہ ہوگا۔

ایضاً: بگلا جو کہ آبی پرندہ ہے، اس کا خون شہد میں ملا کر عضو تناسل پر لگا کر عورت سے مباشرت کرے تو وہ عورت زندگی بھر دوسرے مرد سے ہم بستر ہونا پسند نہ کرے اور سدا تیری جاں نثار رہے۔ (بقیہ ص 61)

لہسن کے حیرت انگیز بیش بہا فوائد

قیصر احمد بی۔ اے (کراچی)

لہسن میں کیڑے و جراثیم مارنے کا زبردست وصف ہے۔ سانپ اور بچھو کے زہر میں اسے مریض کو کھلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ڈنک کے مقام پر لگانا زہر اور درد کو روکتا ہے۔

بلڈ پریشر یعنی خون کا دباؤ بڑھ جانے میں مفید ہے۔ اس کا استعمال کھانسی، پیٹ میں پانی پڑ جانا کیلئے مفید ہے۔

لہسن گرم خشک ہوتا ہے۔ بلغم اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔ ہاضم ہے، پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ وجع المفاصل، گنٹھیا، فالج، لقوہ، رعشہ کو دور کرتا ہے۔

سردیوں میں اس کا استعمال کرنے سے جسم میں گرمی آجاتی ہے۔ اس کو پیس کر پھوڑوں پر لیپ کرنے سے پھوڑے پھٹ جاتے ہیں۔ یورپ کے بڑے بڑے ڈاکٹر لہسن کو دق و سل کیلئے مفید خیال کرتے ہیں۔ پنجاب کے کئی دیہاتوں میں لہسن کے رس بھینس کے دودھ میں ملا کر تپ دق و سل کے مریض کو دینے کا پرانا رواج ہے۔ اس کا رس دو ماشہ سے شروع کر کے چھ ماشہ تک دیا جائے۔

لہسن کے استعمال کرنے سے جسم میں گرمی آجاتی ہے۔ بڑھاپے میں اس کا استعمال زیادہ فائدہ کرتا ہے۔ اس کو کھانے سے منہ میں بدبو آتی ہے۔ اگر اسے چھاچھ میں رات بھر بھگو کر رکھ دیں تو اس کی بدبو دور ہوجاتی ہے۔

لہسن کے چھلکے اتار کر مغز نکال لیں۔ ان کو چھاچھ میں بھگو کر رات بھر پڑا رہنے دیں۔ دن کو اس لہسن کو چوگنے دودھ میں جوش دیں حتیٰ کہ دودھ مثل کھویا بن جائے۔ اب اس میں کھانڈ ملا کر رکھ دیں۔ اس کو نصف سے ایک تولہ تک کھانے سے منی گاڑھی ہوجاتی ہے۔ سل دق، معدہ کے امراض، گنٹھیا، فالج، جوڑوں کا درد، بڑھاپے کی کمزوری دور کرنے کیلئے اکسیر صفت ہے۔ سردیوں میں اسے استعمال کر کے کمزور انسان اپنے جسم میں نئی جسمانی مردمی اور دماغی طاقت و گرمی پیدا کر سکتے ہیں۔

فالج و ریح کے امراض: لہسن کو چھیل کر ہر ایک مغز الگ الگ کر لیں۔ پہلے روز ایک مغز کھائیں اور دوسرے روز دو مغز کھائیں۔ اسی طرح چالیس (40) روز تک ایک ایک مغز بڑھا کر چالیس (40) مغز تک بڑھائیں۔ بعد میں اسی طرح گھٹانا شروع کر دیں۔ اسی طرح اسی (80) یوم میں فالج، گنٹھیا، لقوہ جیسے خوفناک امراض کو آرام آجاتا ہے۔

پھلبھری یعنی سفید داغ: لہسن رگڑ کر اس میں نوشادر ملائیں اور جہاں سفید داغ ہوں، وہاں لیپ کرتے رہیں۔

پھوڑے: لہسن گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر پھوڑوں پر لیپ کر دیں۔ پھوڑا پک کر پھٹ جائے گا۔

وباء: ہیضہ وباء کے ایام میں جگہ جگہ لہسن کے چھلے ہوئے مغز رکھ دینے سے انسان ان وباؤں سے محفوظ رہتا ہے۔

دانت درد: لہسن کو پیس کر دانت کے سوراخ میں بھر دیں، دانت درد کو فوراً آرام آجائے گا اور کیڑا مر جائے گا۔

درد کان: لہسن کا رس نکال کر قدرے گرم کر کے ایک دو قطرے کان میں ڈالیں۔ کان کا سخت سے سخت درد اور کان کی پھنسی کو آرام ہوگا۔

حیض و پیشاب آور: لہسن کو پانی میں جوش دے کر جوشاندہ بنالیں۔ کسی ٹب میں یہ جوشاندہ ڈال کر ٹانگیں باہر رکھیں۔ پیٹ جوشاندہ میں ڈوبا رہے۔ اس طرح کچھ دیر بیٹھنے سے پیشاب کھل کر آجاتا ہے۔ اور بند شدہ حیض بھی جاری ہوجاتا ہے۔

معدہ انتڑیاں: لہسن کے چند مغز پیس کر گولی بنا کر نگل جائیں۔ سخت سے سخت پیٹ درد کو آرام ہوجائے گا۔ لہسن کھاتے رہنے سے معدہ وانتڑیاں طاقتور ہوجاتی ہیں۔ بھوک خوب بڑھتی ہے۔

طاقت: لہسن کا حلوہ بنا کر اس میں شہد ملا کر کھانے سے خوب بھوک لگتی ہے۔ انسان طاقتور بن جاتا ہے۔ چہرہ کا رنگ لال ہوجاتا ہے۔ اور قوت باہ بہت پیدا ہوتی ہے۔

روحانی مقاصد کے حصول کیلئے درج ذیل عطورات اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ ممبران و شاگردادارہ کو خصوصی %20 ڈسکاؤنٹ

عطر تسخیر

آپ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی ومحبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت وکشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ باآسانی کرسکتے ہیں

قیمت: 360 روپے

عطر حاضری

جنات وآسیب کے متاثرہ ایسے مریض، جن کے اندر یہ مخلوق حاضر ہوتی ہو، ان کو حاضر کرنے کے لئے خاص دم کیا ہوا عطر ہے۔ یہ عطر، جنات وآسیب کو مریض کے جسم میں حاضر کرنے کے لئے بہت معاون ثابت ہوگا۔

قیمت: 220 روپے

روحانی عطر: واپسی سحر

کسی بھی جگہ اور فرد پر سے جادو کو کرنے اور کروانے والے پر واپس کرنے کے لیے ماہر عاملین کے خاص دم سے تیار شدہ روحانی عطر برائے واپسی سحر کو استعمال کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

عاملین کے لیے زیادہ تعداد میں لینے پر خاص رعایت۔

قیمت: 330 روپے

عطر حفاظت

قرآنی آیات، اسماء الحسنیٰ، درود شریف اور عاملین کے مخصوص اعمال کا دم شدہ خاص حفاظت کا عطر، جس کو استعمال کرنے سے جادو، جنات سے حفاظت ہوگی (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔

قیمت: 220 روپے

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288